معاشی لحاظ سے ایک بہتر سال ہے مگر ملکی مارکیٹ میں توازن قائم ہونا مشکل ہے۔ ملک میں قانون سازی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ لوگوں کو انصاف مہیا کرنے کے حوالے سے مثبت اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ تعلیم کے شعبے میں بھی خاص اصلاحات کی جائیں گی۔ بھارت سے کشیدگی بڑھنے کی بھی توقع ہے۔

## انڈیا

ملکی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ دوسرے ممالک کے ساتھ تجارتی سرگرمیاں بڑھانے اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافے کے لیے پرکشش ماحول پیدا کیے جانے کا امکان ہے۔ البتہ ملکی ترقیاتی منصوبوں کے لیے خاطر خواہ قرضہ بھی لینا پڑے گا۔ جس کی وجہ سے اسٹاک مارکیٹ کافی زیادہ اتار چڑھاؤ کا شکار رہے گی۔ ملک میں لاقانونیت بڑھے گی۔ نچلے طبقے کو انصاف ملنا ایک مشکل امر رہے ہوگا۔ سال کے پہلے چھ ماہ ملک میں صحت کے مسائل میں اضافے اور بے روزگاری کی بڑھتی ہوئی شرح کی طرف بھی اشارہ کر رہے ہیں۔

## ایران

دوسرے ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات استوار کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ جس میں کسی حد تک کامیابی کی توقع ہے۔ ملک میں تعلیم کے شعبے میں خاص توجہ دی جائے گی اور شرح خواندگی بڑھے گی۔

## افغانستان

معاشی لحاظ سے ایک بہتر وقت کی شروعات ہے۔ ملکی برآمدات میں خاصا اضافہ ہوگا۔ البتہ ملک کے اندر پہلے چھ ماہ حادثات اور بم دھماکوں میں اضافے کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ وقتی طور پر کشیدگیاں پیدا ہوسکتی ہیں۔

❁❁❁




## نظر لگنا وجدان دماغی صلاحیتیں تسخیر

ترلین

وہ جو وجدانی قوتوں کے حصول کے خواہش مند ہوں یا چاہتے ہوں کہ اِن کی دماغی صلاحیتیں ترقی پذیر ہوں یا تسخیر ارواح و موکلات وغیرہ کا معاملہ ہو تو ایسے تمام اُمور میں مہارت کے لیے ترلین کا انتخاب کریں۔ ترلین کے اندر ایسی سحری و طلسماتی قوتیں ہیں جن کے اثر سے انسانی دماغ میں کرنٹ اور لہروں کا خوبصورت توازن قائم ہوتا ہے جو تمام قسم کے روحانی اعمال میں موثریت کا حامل ہے۔ اصل پتھر استعمال کریں۔

# لوحِ شرف زہرہ

عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، حسن، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے باکمال لوحِ شرف زہرہ ہے۔ وہ مرد اور خواتین جو حسن اور خوبصورتی کے مسائل کا شکار ہوں وہ بھی لوحِ شرف زہرہ اس لوح سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ پیار محبت اور الفت کا مجرب خزانہ۔

# لوح شرف مشتری

دولت، استحکام، خوش حالی، تجارت میں اضافہ، ترقی، حصول جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت جیسے مقاصد کے لیے لوح شرف مشتری بہت زیادہ مفید ہے۔ وہ خواتین و حضرات جو روزگار کے مسائل یا بندش کا شکار ہیں، یا وہ جن کی نوکری یا کاروبار کے معاملات میں مخالفت یا دشمنی کی وجہ سے مسائل اور رزق میں برکت یا وسعت نہیں ہے۔ وہ جن کے اخراجات زیادہ اور آمدن کم ہے۔ جنھیں مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ قرض کی ادائیگی کرنی ہے یا مالی آسودگی حاصل کرنی ہے یا کاروبار میں برکت اور کامیابی، نوکری میں ترقی مطلوب ہے یا کسی بھی قسم کی مالی، مادی، کاروباری اور پیشہ ورانہ کامیابی کی بات ہو لوح شرف مشتری سے فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے۔ ذاتی کاروبار یا دفتر چلانے والوں کے لیے بھی لوح شرف مشتری بہت موثر ہے۔

# بچہ کا نام

اللہ کی لاتعداد نعمتوں میں سے ایک خاص نعمت اولاد ہے۔ کبھی بچہ کا نام رکھتے ہوئے آپ نے یہ سوچا کہ؛ بچہ کا نام اسلامی مزاج کے مطابق ہے؟ یا اس کا نام بلحاظ زائچہ درست رکھا جا رہا ہے؟ کیا اس کا نام یا معنی اچھے مفہوم کا ہے؟ کیا بچہ کے پیدائشی زائچہ میں جو کمزوری ہے اس کا نام اس کو بڑھا رہا ہے یا کم کر رہا ہے؟ سوچیں اور درست نام کے استخراج کے لیے ادارہ سے رابطہ کریں۔

# زائچہ جات

| |
|---|
| بچے کا نام، برج، ستارہ اور صدقہ |
| خوش قسمتی کا پتھر |
| خوش قسمتی کے نمبرز (3اعداد) |
| زائچہ میں کواکب کی سعادت نحوست |
| وقتی زائچہ |
| ساڑھ ستی/گردش حالات |
| زحل مشتری اور آپ (پانچ سال) |
| 23اُمور کی رپورٹ |
| تقدیر، پیدائشی زائچہ |
| سالانہ زائچہ |
| استخراج تاریخ و وقت (کسی بھی کام) |
| ازدواجی رپورٹ |
| شادی/شراکت ٹھیک ہے یا غلط |

# انگوٹھی مریخ

جنسی قوت، صحت، توانائی، جسمانی، حیوانی تحفظ، خاتمہ بیرونی اثرات اور ردسحر کے لیے اس کو بہت دفعہ تجربے کے بعد زود اثر پایا گیا ہے۔ یہ انگوٹھی خاص اوقات میں خاص عمل کے تحت ایک طویل عرصہ سے تیار کی جا رہی ہے اور اپنے اثرات کے حوالے سے اس کو موثر پایا گیا ہے۔

از: عبدالباسط راٹھور

# 2019 سالانہ حالات

علم نجوم کی روشنی میں

## آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہو گا۔ اس کا طریقہ اگلے کالم میں دیکھیں۔

## عددی جدول

| | |
|---|---|
| ا' ی' ق' غ | ۱ |
| ب' پ' ک' گ' ر' ڑ | ۲ |
| ج' چ' ل' ش | ۳ |
| د' ڈ' م' ت' ٹ | ۴ |
| ہ' ن' ث | ۵ |
| و' س' خ | ۶ |
| ز' ژ' ع' ذ | ۷ |
| ح' ف' ض | ۸ |
| ط' ص' ظ | ۹ |

مثال

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اکبر | ا | ک | ب | ر | |
| | ۱ | ۲ | ۲ | ۲ | = ۷ |

## نحوست و رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

**يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔**

قدیم نایاب کتب

500 سے زائد کتب کی فہرست جو دن بدن بڑھتی جا رہی ہے
علوم مخفی کی تمام شاخوں پر کتب دستیاب ہیں
مکمل فہرست جوابی خط ارسال کر کے طلب کریں

# برج حمل



| | |
|---|---|
| برج حمل کا عرصہ حکومت | 21 مارچ تا 20 اپریل |
| برج حمل کا منسوبی کوک | مریخ |
| برج حمل کے منسوبی حروف | ا، ل، ع، ی |
| برج حمل والوں کے لیے خوش قسمت اعداد | 9,7,2,1 |
| برج حمل والوں کے لیے خوش قسمت پتھر | مرجان، یاقوت |
| برج حمل والوں کے لیے خوش قسمت دن | ہفتہ، اتوار، منگل |
| برج حمل والوں کے لیے خوش قسمت رنگ | لال، نارنجی، ہلکا آسمانی |

## یکم جنوری تا 23 فروری

ازدواجی معاملات کے حوالے سے ایک بہتر وقت ہے۔ شریک حیات کے ساتھ کوئی ناراضگی تھی تو وہ اب ختم ہوتی ہوئی نظر آتی ہے۔ بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ اَن بن متوقع ہے کچھ لوگ آپ کے حق میں ہوں گے مگر زیادہ تر خلاف ہی نظر آئیں گے۔

اس عرصے میں آپ کے ذہن میں عجیب و غریب سوالات جنم لیں گے، خصوصاً مذہب کے حوالے سے اس کے علاوہ عجیب وغریب سوچیں اور خیالات بھی آپ کو گھیرے رہیں گے۔ قانونی معاملات میں آپ کو شکست کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بیرون ملک جانے کے لیے کافی کوششیں کریں گے۔ اس حوالے سے اخراجات بھی کافی ہوں گے۔ مگر مثبت نتائج سامنے نہ آئیں گے۔

اُمیدوں اور خواہشات کی تکمیل کے لیے کافی محنت کرتے ہوئے دکھائی دیں گے۔ اس حوالے سے بڑے بہن بھائیوں کی مدد مانگ سکتے ہیں وہ آپ کی انشاءاللہ ضرور مدد کریں گے۔

اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کے لیے اچھا وقت نہیں ہے ان کی توجہ تعلیم کی طرف کم اور دیگر معاملات میں زیادہ رہے گی۔ جس کی وجہ سے ان کی کارکردگی متاثر ہوگی۔ صحت اکثر خراب رہے گی۔ پہلے سے بیمار لوگوں کی طبیعت مزید خراب ہو سکتی ہے۔ بچوں کے ساتھ وقت گزار کر خوشی محسوس ہوگی۔ بہو کے ساتھ تعلقات قدرے بہتر رہیں گے۔ عجیب وغریب خواب آیا کریں گے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے چھوٹا انعام نکل سکتا ہے۔

## 24 فروری تا 16 مارچ

اپنی ذات کو دوسروں پر ترجیح دیں گے اور اپنے آپ کو ضرورت سے بڑا اور سمجھدار انسان خیال کریں گے۔ مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ بے روزگار افراد کو نوکری ملنے کی توقع ہے۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ جن لوگوں نے وعدے کیے ہوئے ہیں وہ وعدے وقت پر پورے کریں گے۔ کھیل کود کے کاموں میں دلچسپی نہیں لیں گے۔ ایسے لوگ جو معاشرے میں عزت و وقار رکھتے ہیں وہ لوگ روپیہ کمانے میں آپ کی مدد کریں گے۔ شریک کار سے جو بھی مطالبات ہیں وہ پورے نہ ہوں گے، اُلٹا آپ کے لیے مسائل کا باعث بنیں گا۔ پانی کی کمی کی وجہ سے طبیعت ناساز ہو سکتی ہے۔ بہتر یہی ہے کہ پانی کا استعمال زیادہ سے زیادہ کریں۔

گھریلو ماحول اکثر ناخوشگوار رہے گا۔ ساس کے ساتھ بھی تعلقات خراب ہو سکتے ہیں۔ گھر سے باہر وقت گزارنا پسند کریں گے۔ قرض دی ہوئی رقم واپس ملنے کی توقع ہے۔

## 17 مارچ تا 16 مئی

آپ اکثر پریشان اور کسی نہ کسی سوچ میں گم رہا کریں گے۔ بہت سی خواہشات جنم لیں گی اور ان کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے آپ کے ذہن میں بہت سی سوچیں اور تدابیر گھومتی رہیں گی اور آپ اپنی خواہشات کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے اتنی تگ و دو نہ کریں جتنی ضرورت ہے۔




کامیاب زندگی کے لیے اپنے برج کا منسوبی طلسم حاصل کریں۔ انشاءاللہ آپ ہر شعبہ حیات میں وہ کچھ حاصل کریں گے جس کی آپ کو تمنا ہو گی

گھر میں وقت گزارنا پسند کریں گے خصوصاً والدین کی خدمت کرنا اور ان کے ساتھ وقت گزارنا اچھا لگے گا۔ کھانے پینے کے معاملات میں

شوقین مزاج ہوں گے۔ مزے مزے کے کھانے کھانا پسند کریں گے۔ لوگوں پر جلد اعتبار کریں گے۔

مالی حالات زیادہ اچھے نہ ہوں گے ممکن ہے کہ کسی سے قرض لینے کی بھی نوبت آ جائے جو بعد میں اُتارنا آپ کے لیے مشکل ہوگا۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے بڑا نقصان ہوسکتا ہے۔

وراثتی معاملات مزید خراب صورتحال اختیار کرتے نظر آئیں گے۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت کے لیے موزوں وقت نہیں۔ علوم مخفی میں زیادہ دلچسپی لیں گے۔ بچوں کی وجہ سے پریشانیوں میں اضافہ ہوگا۔ دوران گفتگو غیر اخلاقی الفاظ کا استعمال زیادہ کیا کریں گے۔ وہ لوگ جو شادی کے خواہش مند ہیں یا شادی کے لیے شریک حیات کی تلاش میں ہیں تو انہیں اچھا ساتھی ملنے کی توقع نہیں ہے۔

**17 مئی تا 3 جون**

یہ وقت کاروباری حوالے سے ایک نحس وقت ہے۔ کاروبار کی وجہ سے ذہنی دباؤ میں بھی اضافہ ہو گا۔ شراکتی کاروبار میں بھی فائدہ نظر نہیں آتا۔ شریک کار کے ساتھ بدمزگی پیدا ہوسکتی ہے۔ اپنی عزت کا خیال رکھیں، لوگ آپ کو بدنام کرنے کی کوشش کریں گے۔ فضول اخراجات کم کرنے کی کوشش کریں گے۔ اس عرصے میں کسی کو قرض نہ دیں ورنہ واپس ملنا مشکل ہوجائے گا۔

کھانے پینے کی طرف زیادہ توجہ دیا کریں گے۔ اعلیٰ حکومتی عہدیداروں سے منسلک کام نہ ہوں گے۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت ہرگز نہ کریں۔ والدین سے ڈانٹ وغیرہ پڑے گی۔ گھریلو ماحول میں عجیب سی بدمزگی محسوس کریں گے۔

**4 جون تا 4 جولائی**

مالی حوالے سے ایک مشکل وقت ہے۔ مالی تنگی کا سامنا ہوسکتا ہے۔

| ماہ | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| جنوری | 3-8-9-1-8-22-30-31 | 5-6-26 |
| فروری | 4-5-14-18-27 | 2-22 |
| مارچ | 4-13-18-26-31 | 1-2-22-28 |
| اپریل | 10-14-22-23-27-28 | 18-25 |
| مئی | 7-11-20-24-25 | 15-16-22 |
| جون | 3-8-16-21 | 12-18-19 |
| جولائی | 1-5-13-14-18-19-28 | 9-16 |
| اگست | 1-10-14-15-24-29 | 5-12 |
| ستمبر | 6-11-21-25 | 2-8-9-29 |
| اکتوبر | 3-8-18-22-23-31 | 5-6-27 |
| نومبر | 4-5-14-19-27 | 2-23-29 |
| دسمبر | 2-11-12-16-24-25-29 | 20-27 |

اخراجات کا تناسب آمدن سے بڑھ رہا ہے گا۔ قرض دی ہوئی رقم بھی واپس ملنے کی توقع نہیں ہے۔

یہ وقت آپ کی امیدیں و خواہشات کی راہ میں ایسی رکاوٹیں لے کر آئے گا جو آپ کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوں گی۔ اسی طرح زندگی کے دوسرے شعبوں میں بھی مختلف طرح کی رکاوٹیں محسوس کریں گے۔ کاموں میں التواء اور معمولی کاموں میں ضرورت سے زیادہ وقت لگایا کریں گے۔ سیر و تفریح، جنس مخالف اور بچوں کے اوپر اخراجات میں اضافہ ہوگا۔

صحت اچھی رہے گی۔ البتہ ہنسی مذاق یا کھیل کے دوران جسم کے نازک حصوں پر چوٹ لگنے کا خدشہ ہے۔ عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔ اعلیٰ اور حکومتی افسران سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ والدہ کے ساتھ بھی پیار و محبت بڑھے گا۔ کسی کی باتوں پر عمل کرنے کی بجائے اپنی ذہانت کو بروئے کار لائیں تو زیادہ بہتر رہے گا۔ ناچ، گانا اور انعامی سکیموں میں حصہ لینا پسند کریں گے۔ البتہ انعامی سکیموں سے فائدے کا حصول نہ ہوگا۔ گھریلو ماحول قدرے خوشگوار رہے گا۔ انٹرلیول تک کے طالب علم تعلیم کی بجائے کھیل پر زیادہ توجہ دیں گے اور اپنا زیادہ وقت یونہی فضول ضائع کر دیا کریں گے۔ عاشق/معشوق کے ساتھ تعلقات خراب ہو سکتے ہیں۔

**5 جولائی تا 25 جولائی**

یہ وقت آپ کے خوشگوار مزاج کی طرف نشاندہی کر رہا ہے۔ صحت اچھی رہے گی۔ لوگوں سے ملنا جلنا اور سیر و تفریح پر جانا پسند کریں گے۔ اپنی امیدوں و خواہشات کو حقیقت میں بدلنے کے لیے کافی تگ و دو کرتے نظر آئیں گے۔ اور اس میں کافی حد تک کامیاب بھی ہو جائیں گے۔

کاروبار حالات اونچ نیچ کا شکار رہیں گے۔ گاہکوں کے ساتھ

اکثر اَن بن ہوا کرے گی۔ آپ کو چاہیے کہ اپنے غصے کو قابو میں رکھیں۔ انعامی سکیموں کے ذریعے فائدہ ملنے کی توقع ہے۔ دوستوں کے ساتھ وقت گزارنا اور نئے دوست بنانا پسند کریں گے۔ سیر وتفریح پر جانے کا موقع ملے گا۔ میوزک میں دلچسپی بڑھے گی۔ دوسروں کی مدد کر کے خوشی محسوس کریں گے۔ بچوں کی وجہ سے خوشیوں کا حصول ہوگا۔

وہ لوگ جو اپنے لیے رشتے کی تلاش میں ہیں اس عرصے میں کوئی بہتر رشتہ ملنا مشکل ہے۔ اپنی عزت کا خود خیال رکھیں۔ ہنسی مذاق میں کوئی ایسا کام نہ کریں نہ کسی اور کو موقع دیں جس سے آپ کی بدنامی ہو یا عزت پر حرف آئے۔ پالتو جانوروں کی صحت کا خیال رکھیں وہ بیمار پڑ سکتے ہیں۔ بیرون ملک مقیم رشتہ داروں کے ذریعے فائدہ ہوگا۔ تعلیمی میدان میں آپ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ زمین وجائیداد کی خرید وفروخت کے لیے بہتر وقت نہیں ہے نقصان کا اندیشہ ہے۔ قرض دی ہوئی رقم واپس ملنے کی توقع ہے۔

**26 جولائی تا 18 ستمبر**

یہ عرصہ آپکے لیے مالی خوشحالی کو ظاہر کرتا ہے۔ مختلف ذرائع سے آمدن کا حصول ہوگا۔ کاروبار بڑھے گا اور اچھی آمدن ہوگی۔ بینک یا کسی عزیز سے قرض لینا چاہتے ہیں تو اس میں آسانی آئے گی۔

مختلف دعوتوں پر جانے کا موقع ملے گا۔ اچھے کھانے کھائیں گے۔ لوگوں کو اپنی باتوں کے جال میں پھنسانے میں خاص مہارت ہوگی۔ اپنی امیدوں وخواہشات کو حقیقت کا روپ دینے میں ناکام رہیں گے جس کی بنیادی وجہ آپ کی غیر مستقل مزاجی اور اپنے ارادوں اور خواہشات میں تبدیلی ہے۔

صحت بہتر رہے گی۔ ساس کے ساتھ تعلقات قدرے بہتر رہیں گے زمین وجائیداد کی خرید وفروخت کے حوالے سے ایک اچھا وقت ہے منافع کمائیں گے۔ وراثتی معاملات بھی بہتر طریقے سے حل ہوتے ہوئے دکھائی دیں گے۔ اعلیٰ وحکومتی افسران سے وابستہ کام آسانی سے حل ہوتے ہوئے دکھائی نہیں دیتے۔ گھریلو اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ گھر کی تزئین وآرائش پر بھی خرچ کریں گے۔

**19 ستمبر تا 5 نومبر**

بیرون ملک سفر کے حوالے سے بہترین وقت ہے۔ تعلیم یا کام کے سلسلے میں جانا چاہتے ہیں تو آسانی پیدا ہوگی۔ بیرون ملک تجارت کے حوالے سے بھی خوش قسمت وقت ہے۔ قانونی مقدمات میں کامیابی ملے گی۔

انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہوتی نظر آرہی ہے اور اولاد آپ کے حکم کی تکمیل بھی کرے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی یہ خواہش پوری ہوتی نظر نہیں آرہی۔ آپ کے اپنے داماد کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں تھوڑی بہت خرابی آئے گی۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ شادی بیاہ اور اس طرح کی دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت رہے گی۔ اگر آپ اپنے لیے شریک حیات کے انتظار میں ہیں تو اس عرصے میں اچھا جیون ساتھی ملنے کی توقع ہے۔ وہ لوگ جو دوسری شادی کے خواہشمند ہیں ان کے لیے بھی اچھا وقت ہے۔ مزاج میں رومانویت بڑھے گی۔ مخالف پر ہونے والے اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا۔

**6 نومبر تا 31 دسمبر**

معاشی مستقبل کے حوالے سے ایک سعد وقت اگر کوئی ذاتی کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں یا کاروبار میں بڑی رقم لگانا چاہتے ہیں تو ایک بہتر وقت ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے بھی اچھا وقت ہے۔ رُکی ہوئی ترقی میں مثبت پیش رفت دیکھیں گے۔ بیروزگار افراد کو ان کی قابلیت کے مطابق نوکری مل جائے گی۔ آمدن کافی اچھی رہے گی۔

گمی ہوئی چیز ملنے کی توقع ہے۔ وراثتی معاملات بہتر طریقے سے حل ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ جنس مخالف کی آپ کے اہم معاملات میں مداخلت آپ کے لیے مشکلات اور بدنامی کا باعث بن سکتی ہے۔

امیدوں وخواہشات کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے مستقل مزاجی سے محنت کرتے اور اس میں کامیاب ہوتے نظر آئیں گے۔ والدین کے ساتھ کوئی ناراضگی تھی تو وہ اب ختم ہوتی نظر آتی ہے۔ البتہ ساس کے ساتھ اکثر تعلقات خراب ہو جایا کریں گے۔ اپنی صحت اور پالتو جانوروں کا خاص خیال رکھا کریں گے۔ زمین وجائیداد کی خرید وفروخت احتیاط سے کریں۔ آپ کے ساتھ دھوکا ہوسکتا ہے۔

تازہ ترین معلومات کے لیے
دیکھیں ہماری ویب سائٹ
www.khalidrathore.com

# برج ثور

| | | |
|---|---|---|
| برج ثور کا عرصہ حکومت | 21 اپریل تا 20 مئی |  |
| برج ثور کا منسوبی کوکب | زہرہ | |
| برج ثور کے منسوبی حروف | ب، و | |
| برج ثور والوں کے لیے خوش قسمت اعداد | 9-6-3 | |
| برج ثور والوں کے لیے خوش قسمت پتھر | ہیرا، نیلم | |
| برج ثور والوں کے لیے خوش قسمت دن | جمعرات، جمعہ، ہفتہ | |
| برج ثور والوں کے لیے خوش قسمت رنگ | سفید، لائٹ بلیو | |

## یکم جنوری تا 23 فروری

مالی معاملات کے حوالے سے ایک پریشان کن وقت کی شروعات ہو رہی ہے۔ اخراجات کا تناسب بڑھا رہے گا دوسروں سے قرض لینے کی بھی نوبت آسکتی ہے مگر قرض با آسانی نہ مل سکے گا۔ وراثتی معاملات حل ہوتے دکھائی نہیں دیتے ان میں مزید کشیدگیاں پیدا ہوتی جائیں گی۔ انعامی سکیموں سے دور ہی رہیں تو آپ کے لیے بہتر ہے کیونکہ کوئی خاص فائدہ ہوتا نظر نہیں آتا۔

کاروباری حوالے سے قدرے مناسب ہے۔ سوچ سمجھ کر اخراجات کیا کریں گے۔ البتہ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے نقصان ہوسکتا ہے۔ وہ لوگ جو نیا شراکتی کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں اُن کے لیے اچھا وقت نہیں ہے۔ انہیں چاہیے کہ فی الحال صبر کریں۔

اعلیٰ افسران سے وابستہ کام انشاء اللہ حل ہوجائیں گے۔ والدین کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ساس کے ساتھ کشیدگیاں ختم ہوں گی۔ البتہ وہ خواتین جو خود ساس ہیں ان کی اپنی بہو کے ساتھ تلخی پیدا ہوسکتی ہے۔ اُمیدوں وخواہشات کی تکمیل کی راہ میں بہت سی پریشانیاں اور مسائل آئیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات خراب ہو سکتے ہیں۔ اپنی قیمتی اشیاء اور روپے پیسوں کو احتیاط سے رکھیں، گم یا چوری ہونے کا خدشہ ہے۔ صحت اچھی رہے گی۔

## 24 فروری تا 16 مارچ

کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آرہی ہے۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔ تعلیم یا کام کے سلسلے میں جانا چاہتے ہیں تو فائدہ ہوگا۔ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔ اور اس میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ کوئی نئی سواری خریدنا چاہتے ہیں تو احتیاط برتیں آپ کے ساتھ دھوکا ہوسکتا ہے۔ اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں، صبر سے کام لیں ورنہ آپ کے اکثر ہوتے ہوئے کام رُک جائیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ بہتر وقت گزرے گا، ان کے ساتھ سیر وتفریح کے لیے جائیں گے۔ قانونی نوعیت کے مسائل کافی حد تک حل ہو جائیں گے۔ علاوہ ازیں حل کے لیے آپ کے جان پہچان کے لوگوں کا ہاتھ بھی ہوگا۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔

## 17 مارچ تا 16 مئی

کاروباری حالات اونچ نیچ کا شکار رہیں گے۔ فی الحال کاروبار میں بڑی رقم نہ لگائیں۔ آپ کے لیے بہتر وقت نہیں۔ اخراجات میں اضافہ ہو گا۔ اگر اخراجات پر قابو رکھنے کی کوشش کریں اور دوسرے لوگوں خصوصاً جنس مخالف پر پیسے کا ضیائع نہ کریں تو مالی تنگی کا شکار نہ ہوں گے۔




کامیاب زندگی کے لیے اپنے برج کا منسوبی طلسم حاصل کریں۔ انشاءاللہ آپ ہر شعبہ حیات میں وہ کچھ حاصل کریں گے جس کی آپ کو تمنا ہو گی

شراکتی کاروبار قدرے بہتر رہے گا، البتہ شریک کار کے ساتھ لڑائی جھگڑا متوقع ہے۔ کوئی بھی غیر قانونی کام نہ کریں، ورنہ پکڑے جائیں گے۔ ذہن میں بہت سے منفی خیالات آیا کریں گے۔ کسی کو دیا ہوا قرض سخت انداز میں حاصل کرنے کی کوشش کریں تو واپس مل جائے گا۔

شریک حیات کے ساتھ تعلقات بیشتر اوقات خراب رہیں گے۔ کسی سے زیادہ چھیڑ خانی نہ کریں، خصوصاً جنس مخالف سے ورنہ آپ کی عزت خراب ہوگی۔

ملازم پیشہ افراد کے لیے بہتر وقت ہے، حالات قدرے بہتر رہیں گے، البتہ اپنے افسران سے متعلقہ کام حل ہونے مشکل ہیں وہ آپ کو کام ہونے کا یقین تو دلا دیں گے مگر حقیقتاً ایسا ہونا مشکل ہے۔ صحت قدرے بہتر رہے گی۔

**17 مئی تا 3 جون**

گھریلو ماحول اکثر ناخوشگوار رہے گا آپ کے اپنے ہی عزیز اور رشتے دار ماحول کی خرابی کی وجہ بنیں گے نیز ایک دوسرے کے خلاف غلط گمان پیدا کرنے کی کوششیں بھی کی جائیں گی۔

یہ وقت بیرون ملک تجارت سے وابستہ لوگوں کے لیے اچھا نہیں۔ وہ لوگ جو بیرون ملک سفر پر جانے کی کوششیں کررہے ہیں انہیں کوئی مثبت اشارے ملتے نظر نہ آئیں گے، بلکہ صرف پیسے کا ضیائع ہوگا۔

اعلیٰ درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کے نتائج اچھے نہ آئیں گے، البتہ انٹرلیول تک کے طالبعلموں کے نتائج قدرے بہتر رہیں گے۔ موج مستی اور سیروتفریح کرنا پسند کریں گے۔

قانونی معاملات میں ناکامی کا سامنا ہوگا۔ اپنی اُمیدوں و خواہشات کی تکمیل کے لیے آپ کو بہت زیادہ محنت اور تگ ودو کرنا پڑے گی۔ البتہ چند ایک خواہشات کو حقیقت کا روپ دینے میں کامیاب بھی ہو جائیں گے۔ آپ کا مزاج اکثر سخت رہے گا۔

گھریلو اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات قدرے بہتر رہیں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب ہوسکتے ہیں۔

**4 جون تا 4 جولائی**

آپ اپنے مزاج میں سختی اور بے چینی محسوس کریں گے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر لوگوں سے لڑنے لگ جایا کریں گے۔ شریک حیات کے ساتھ بھی اکثر اَن بن ہو جایا کرے گی۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کو بڑا مسئلہ بنا دیا کریں گے۔ تقریری اور ایسے دیگر مقابلوں میں اگر آپ خوب محنت اور جان لگائیں تو نمایاں پوزیشن حاصل کرسکیں گے۔ تعلیمی میدان میں بھی آپ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ سیروتفریح کرنا اور موج مستی کرنا پسند کریں گے۔

اپنی عزت وشہرت کا خیال رکھیں کسی محفل میں ایسی بات نہ کریں جس سے آپ کا مذاق اڑایا جائے۔ کاروباری حالات اونچ نیچ کا شکار رہیں گے۔ وہ لوگ جو نیا ذاتی کاروبار کرنا چاہتے ہیں یا کاروبار میں بڑی رقم لگانا چاہتے ہیں تو فی الوقت نہ لگائیں ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔

سیروتفریح کے حوالے سے بیرون شہر بھی جاسکتے ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کی ترقی کے امکانات تھے تو فی الوقت ان کے آرڈر ملتوی ہوتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ اعلیٰ اور حکومتی افسران سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔

| ماہ | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| جنوری | 14-15-20-24 | 8-9-27 |
| فروری | 11-16-20 | 4-5-23-24 |
| مارچ | 11-16-20 | 4-23-24-31 |
| اپریل | 6-7-12-16 | 19-27-28 |
| مئی | 4-9-13-31 | 17-24-25 |
| جون | 5-6-10-28-29 | 13-21 |
| جولائی | 3-7-25-30 | 11-18-19 |
| اگست | 3-21-27-31 | 6-7-14-15 |
| ستمبر | 17-18-23-27 | 3-11-31 |
| اکتوبر | 14-15-20-25 | 1-8-28 |
| نومبر | 11-16-17-21 | 4-5-24 |
| دسمبر | 8-14-18 | 2-21-29 |

چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی عزیز و اقارب کے ساتھ تعلقات خراب ہو سکتے ہیں۔ نئے دوست بنانا پسند کریں گے اپنے سے عمر میں بڑے لوگوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا اور گپ شپ لگانا اچھا لگے گا۔ وہ لوگ جو بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے ہیں ان کے لیے بہتر وقت ہے۔ قانونی معاملات میں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا۔ زمین و جائیداد اور گاڑی وغیرہ کی خرید وفروخت کے حوالے سے اچھا وقت نہیں۔ اچھے اچھے خواب زیادہ آیا کریں گے اور عموماً ان کی تعبیریں بھی اچھی ہوں گی۔ انعامی سکیموں میں حصہ لینا اور میوزک سننا پسند کریں گے۔ فلاحی کاموں میں مصروفیات پیدا ہوں گی اور جیب سے بھی خرچ کریں گے۔

**5 جولائی تا 25 جولائی**

کاروباری حوالے سے ایک اچھا وقت ہے البتہ کاروبار پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ کاروباری حوالے سے ملازموں یا کسی بھی شخص پر ہرگز اعتبار نہ کریں۔ ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔ قانونی معاملات میں آپ کو شکست کا سامنا ہوسکتا ہے۔ لہٰذا کوشش کریں کہ آپ کے مقدمے کا فیصلہ اس عرصے میں نہ ہو۔ بیرون ملک جانے کے حوالے سے پریشانیاں آئیں گی اور اگر چلے بھی گئے تو وہاں قیام میں بھی کافی رکاوٹیں اور تنگیاں آئیں گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ اَن بَن متوقع ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کے نتائج بہت اچھے نہ آئیں گے۔ بے روزگار افراد کو فی الوقت حسب منشاء نوکری ملنا مشکل ہے۔ گھر میں کام کرنے والے ملازموں پر نظر رکھیں ان کی وجہ سے نقصان ہونے یا کوئی چیز چوری ہونے کا خدشہ ہے۔

یہ وقت آپ کی بڑھتی ہوئی دشمنی کو ظاہر کرتا ہے۔ بعض لوگ آپ سے حسد بھی کریں گے۔ صحت خراب ہوسکتی ہے یا کسی حادثے کا بھی شکار ہو سکتے ہیں۔ لمبے سفر پر خود ڈرائیونگ کرنے سے اجتناب کریں ورنہ بڑا حادثہ بھی پیش آسکتا ہے۔ اس عرصے میں حسب توفیق زیادہ سے زیادہ گندم کا صدقہ دیں۔

**26 جولائی تا 18 ستمبر**

مزاج میں بہتری اور نرمی آتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ لوگوں کے ساتھ ناراضگیاں ختم کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ صبر اور اطمینان سے فیصلے لیا کریں گے۔

کسی بھی مسئلے کا جلد حل استخراج کرلیں گے۔ تعلیمی میدان میں آپ کی کارکردگی بہتر رہے گی۔ کھیل کے میدان میں بھی کافی نمایاں رہیں گے۔ سیر وتفریح پر جانا اور موج مستی کرنا پسند کریں گے۔ محبوب / محبوبہ سے تعلقات بہتر ہوں گے اور آپس میں تحائف کا تبادلہ ہوگا۔ نئے دوست بنانا پسند کریں گے۔ موقع کی مناسبت سے جلد اپنا مزاج تبدیل کرنے کا عنصر موجود ہوگا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ البتہ والدہ سے ڈانٹ پڑسکتی ہے۔

وہ لوگ جو تعلیم کے سلسلے میں بیرون ملک جانا چاہتے ہیں ان کی راہ میں آسانیاں پیدا ہونگی۔ قانونی مقدمات میں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا۔ البتہ فیصلہ ہوتا ہوا دکھائی نہیں دیتا۔

کاروباری حالات اونچ نیچ کا شکار رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ وقتی ناراضگی پیدا ہوسکتی ہے۔ وہ لوگ جو دوسری شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے اچھا وقت ہے۔ امیدوں وخواہشات کی راہ میں آسانیاں پیدا ہونگی اور اکثر معاملات اور خواہشات اچانک کسی وسیلے یا کسی دوسرے کی مدد سے حقیقت میں منتقل ہو جائیں گے۔

**19 ستمبر تا 5 نومبر**

ذاتی اور شراکتی کاروبار سے وابستہ لوگوں کو کام کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ البتہ مجموعی طور پر ایک اچھا اور خوش قسمت وقت ہے۔ آمدن میں اضافہ ہوگا۔ روزگار کے نئے اور بہتر مواقع پیدا ہوں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، ملتا نظر آ رہا ہے آپ اگر کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں پہلے کی نسبت بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ زمین و جائیداد اور دوسری قیمتی اشیاء کی خرید وفروخت کرنے کے لیے منصوبہ بندی کر رہے ہیں تو یہ وقت عملی شکل دینے کے لیے بہتر ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری بانڈ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔ تعلیمی کارکردگی زیادہ اچھی نہ رہے گی۔

**6 نومبر تا 31 دسمبر**

یہ عرصہ آپ کے لیے کافی خوش قسمت ثابت ہوگا اور بہت سی خوشخبریاں لے کر آئے گا۔ امیدوں وخواہشات کو حقیقت کا رنگ دینے کے لیے کافی محنت کرتے نظر آئیں گے اور اس میں کافی حد تک کامیاب بھی رہیں گے۔ وہ لوگ جو شریک حیات کی تلاش میں ہیں انہیں اچھا جیون ساتھی مل جائے گا۔ اظہار محبت کے لیے بھی ایک اچھا وقت ہے۔ محبوب کے ساتھ تحائف کا تبادلہ ہوگا۔ انعامی سکیموں کے ذریعے چھوٹا انعام نکل سکتا ہے۔ کھیل کے میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

کوئی نیا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں یا کاروبار میں بڑی سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں تو اس عرصے میں کرلیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ تعلیم کے سلسلے میں بیرون ملک جانے کے حوالے سے آسانیاں پیدا ہونگی۔ فضول اخراجات اور دکھاوے پر پیسے کا ضیائع کریں گے۔

لاپرواہی کی وجہ سے صحت خراب ہوسکتی ہے۔ آپ کے دشمن آپ کے خلاف خفیہ چالیں چلتے نظر آ رہے ہیں لہٰذا محتاط رہیں۔ رشتے داروں اور ہمسائوں کے ساتھ بھی تعلقات خراب ہوسکتے ہیں۔

# برج جوزا

| | |
|---|---|
| برج جوزا کا عرصہ حکومت | 21 مئی تا 20 جون |
| برج جوزا کا منسوبی کوکب | عطارد |
| برج جوزا کے منسوبی حروف | ک، ق |
| برج جوزا والوں کے لیے خوش قسمت اعداد | 9-5-1 |
| برج جوزا والوں کے لیے خوش قسمت پتھر | زمرد، پکھراج |
| برج جوزا والوں کے لیے خوش قسمت دن | منگل، بدھ، جمعرات |
| برج جوزا والوں کے لیے خوش قسمت رنگ | سبز، پیلا، بسنتی |



### یکم جنوری تا 23 فروری

سال کی شروعات آپ کے لیے کچھ زیادہ اچھی ثابت نہ ہوگی۔ ذہنی دباؤ اور پریشانیوں میں اضافہ ہوگا۔ اکثر کسی نہ کسی بات پر پریشان رہا کریں گے ایک پریشانی سے جان چھوٹے گی تو دوسری تیار ہوگی۔ گھریلو ماحول بھی اکثر ناخوشگوار رہا کرے گا۔ شریک حیات کے ساتھ بھی بدمزگی پیدا ہوسکتی ہے۔ آپ کو چاہیے کہ گھر سے باہر سیر وتفریح میں وقت گزاریں تا کہ ذہنی سکون میسر ہو۔ وہ لوگ جن کے رشتے کی بات چل رہی تھی اچانک اس میں وقتی رکاوٹیں آجائیں گی۔

قانونی معاملات التوا کا شکار رہیں گے۔ ان کا کوئی حتمی فیصلہ ہونا مشکل ہے۔ طالبعلموں کی کارکردگی میں تھوڑی بہتری آئے گی۔ سیر وتفریح کرنے کا موقع ملے گا۔ سیر وتفریح کے سلسلے میں بیرون شہر بھی جا سکتے ہیں۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

کاروباری حالات زیادہ اچھے نہ رہیں گے۔ خصوصاً شراکتی کاروبار میں شریک کار کے ساتھ اختلافات جنم لیں گے۔

### 24 فروری تا 16 مارچ

اجنبی لوگوں سے معاملات کے دوران محتاط رہیں، آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آتے ہیں۔ مالی معاملات میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ لیکن اگر آپ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو مل جائے گا۔ روپے پیسے کے معاملات میں کسی پر اعتبار نہ کریں ورنہ آپ کے ساتھ دھوکہ ہوسکتا ہے۔ تعلیمی نصاب کے علاوہ دوسری کتابوں میں بھی آپ کی دلچسپی بڑھے گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے میل جول کم رہے گا۔

### 17 مارچ تا 16 مئی

یہ وقت آپ کے معاملات میں غیر متوقع رکاوٹیں لے کر آئے گا۔ صحت اچانک خراب رہے گی۔ طبیعت میں جھگڑے پن کا عنصر موجود رہے گا۔ دشمنوں سے محتاط رہیں آپ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

قانونی معاملات میں آپ کو شکست کا سامنا ہوسکتا ہے۔ رشتے داروں کے ساتھ بھی تعلقات خراب ہوسکتے ہیں۔ اساتذہ کے ساتھ سخت لہجے میں بات کریں گے۔

شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ البتہ جن کی دوسری شادی ہے ان کی اپنی دوسری شریک حیات کے ساتھ اَن بن متوقع ہے۔ دوستوں کے ساتھ سیر وتفریح پر جانا اور میوزک سننا پسند کریں گے

کوئی بھی قیمتی چیز خریدتے وقت یا لین دین کے وقت خوب احتیاط برتیں، ممکن ہے کہ آپ کے ساتھ دھوکا ہو جائے۔ بیرون ملک جانے کے حوالے سے کی گئی کوششوں کے کوئی خاص نتائج نہ نکلیں گے۔ بے روزگار افراد کو حسب خواہش اور قابلیت نوکری ملنا مشکل ہے۔ کاروباری حوالے سے قدرے بہتر وقت ہے۔ البتہ ملازمین کی وجہ سے نقصان متوقع ہے۔ فضول اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ ادھار پر لین دین کم کریں ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔

### 17 مئی تا 3 جون




کامیاب زندگی کے لیے اپنے برج کا منسوبی طلسم حاصل کریں. انشاءالله آپ ہرشعبہ حیات میں وہ کچھ حاصل کریں گے جس کی آپ کوتمنا ہو گی

اپنی اُمیدوں وخواہشات کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے کافی کوششیں کرتے دکھائی دیں گے مگر یکے بعد دیگرے خواہشات ٹوٹتی نظر آئیں گی۔

اس عرصے میں کسی کو قرض نہ دیں، ورنہ واپس لینا مشکل ہوجائے اور اگر کسی کو قرض دیا ہوا تھا تو اس عرصے میں واپس ملنا آسان نہ ہوگا۔

کاروباری حالات قدرے بہتر رہیں گے، البتہ کوئی بڑا منافع ہوتا نظر نہیں آتا۔شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے مالی نقصان متوقع ہے۔

عاشق/معشوق کے ساتھ اَن بَن ہوسکتی ہے۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کی کارکردگی اچھی نہ رہے گی۔کھیل کے میدان میں کارکردگی خراب رہے گی۔

آپ کا مزاج اکثر سخت رہے گا۔جلد غصے میں آجایا کریں گے۔ جذبات اور جلد بازی میں لیے گئے فیصلوں کی وجہ سے نقصان اٹھائیں گے۔بہن بھائیوں اور عزیز واقارب کے ساتھ تعلقات اچھے نہ ہوں گے۔اس عرصے میں کسی بھی قسم کی کوئی سواری جیسے کار، موٹرسائیکل وغیرہ نہ خریدیں۔

**4 جون تا 4 جولائی**

مالی حوالے سے ایک مشکل وقت ہے۔مالی معاملات سے کافی زیادہ اونچ نیچ کا شکار رہیں گے۔ کاروباری حوالے سے قدرے بہتر وقت ہے مگر کسی بڑے نقصان کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ ملازموں پر دھیان رکھیں وہ پوری دیانتداری سے کام نہ کریں گے۔ ملازموں کی وجہ سے پیسے کا فضول ضیائع ممکن ہے۔تجارت سے وابستہ لوگوں کے لیے اچھا وقت نہیں۔نقصان کا اندیشہ ہے۔

چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ ان بن متوقع ہے۔اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم تعلیم پر پوری طرح سے توجہ نہ دیں گے۔قانونی کاروائی کے دوران اور قانونی دستاویزات پر دستخط کرتے وقت اسے اچھی طرح پڑھ لیں، غلطی کا امکان ہے۔صحت کا خاص خیال رکھیں، طبیعت خراب ہونے کی صورت میں فوری ڈاکٹر سے رجوع کریں، ورنہ لمبے عرصے کے لیے بیمار پڑ سکتے ہیں۔دوسرے ممالک میں مقیم رشتے داروں سے کسی قسم کے فائدے کی توقع تھی تو وہ پوری نہ ہوسکے گی۔ مذہبی فرائض میں اکثر دیر ہوجایا کرے گی۔

گھر میں وقت گزارنا اور والدین کی خدمت کرنا اچھا لگے گا۔

معاشرے میں عزت ووقار میں اضافہ ہوگا۔

**5 جولائی تا 25 جولائی**

مالی حالات قدرے تنگ رہیں گے اس عرصے میں کسی کو قرض نہ دیں ورنہ بعد میں خود زیادہ تنگ ہوں گے۔انعامی سکیموں سے پرہیز کریں، نقصان کے علاوہ کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ اپنی خوبصورتی کا خاص خیال رکھیں گے۔ دوستوں کے ساتھ وقتی طور پر اَن بَن متوقع ہے۔

امیدوں و خواہشات کی تکمیل کے حوالے سے ایک خوش قسمت وقت ہے۔کسی بھی مسئلے کا بہتر حل آپ کے پاس موجود ہوگا۔کنوارے لوگوں کے لیے اس عرصے میں بہتر رشتہ آجائے گا۔ البتہ وہ لوگ جو پسند کی شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے معاملات کشیدہ صورتحال اختیار کرتے نظر آئیں گے۔ قانونی معاملات میں آپ کو کامیابی ملنے کی توقع ہے۔البتہ وراثتی معاملات حل ہوتے دکھائی نہیں دیتے۔صحت خراب تھی تو اب صحت یاب ہوجائیں گے۔دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔بیرون ملک مقیم رشتے داروں کے ذریعے فائدہ ہوگا۔

انٹرلیول تک کے طالبعلموں کی کارکردگی اچھی نہ ہوگی۔البتہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم کافی نمایاں نظر آئیں گے۔سیر وتفریح کے اکثر منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچنے سے پہلے ہی ختم ہوجائیں گے۔

| ماہ | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| جنوری | 8-9-18-22-26 | 3-11-30-31 |
| فروری | 4-5-14-18-22 | 7-27 |
| مارچ | 4-13-18-22-31 | 6-7-26 |
| اپریل | 10-14-18-27-28 | 2-3-22-23-30 |
| مئی | 7-11-15-16-24-25 | 20-27 |
| جون | 3-8-12-21 | 16-23-24 |
| جولائی | 1-5-9-18-19-28 | 13-14-21 |
| اگست | 1-5-14-15-29-24 | 10-17 |
| ستمبر | 2-11-21-25-29 | 6-13-14 |
| اکتوبر | 8-18-22-23-27 | 3-10-11-31 |
| نومبر | 4-5-14-19-23 | 7-27 |
| دسمبر | 2-11-12-16-20-29 | 4-5-24-25-31 |

**26 جولائی تا 18 ستمبر**

مالی حالات میں قدرے بہتری آئے گی۔ کاروبار بڑھے گا۔ بے روزگار افراد کو بھی بہتر ملازمت ملنے کے قوی امکانات ہیں۔ گھر کی تزئین و آرائش پر خاص توجہ دیں گے اور اس حوالے سے اخراجات بھی ہوں گے۔

گھریلو ماحول قدرے خوشگوار رہے گا۔ اس عرصے میں کوئی بھی غیر قانونی کام نہ کریں ورنہ جلد پکڑے جائیں گے۔ کوشش کریں کہ قانونی مقدمات کا فیصلہ اس عرصے میں نہ ہو ورنہ فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ غیر ضروری جگہوں پر اخراجات کریں گے۔ انعامی سکیموں میں حصہ نہ لیں ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔ تعلیم کی طرف آپ کی توجہ کم رہے گی۔ امیدوں و خواہشات کی راہ میں غیر متوقع رکاوٹیں آئیں گی۔

**19 ستمبر تا 5 نومبر**

اس عرصے میں آپ ہر کام محتاط طریقے سے کرتے نظر آئیں گے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کو لے کر جلد پریشان ہو جایا کریں گے۔ کسی بھی اہم معاملے میں جلد فیصلہ کر پانا آپ کے لیے مشکل امر ہوگا۔ کسی دوست سے مشاورت کرکے فیصلہ کریں تو بہتر رہے گا۔ شریک حیات کے مزاج میں بہتری آتی ہوئی نظر آئے گی۔ وہ لوگ جو اپنے لیے شریک حیات کی تلاش میں ہیں انھیں اس عرصے میں بہتر جیون ساتھی ملنے کی توقع ہے۔

کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں پہلے کی نسبت بہتری آئے گی نیز اگر کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت فائدہ مند ثابت ہوگا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ساس کے ساتھ ان بن رہے گی۔ آپ کو اپنے دشمنوں سے ہوشیار رہنا ہوگا۔ یہ آپ کو نقصان پہنچانے کی بھرپور کوشش کریں گے۔

**6 نومبر تا 31 دسمبر**

کاروباری حالات اونچ نیچ کا شکار رہیں گے البتہ اخراجات سوچ سمجھ کر کریں تو مالی تنگی کا شکار نہ ہوں گے۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کے غلط فیصلوں کی وجہ سے نقصان ہو سکتا ہے۔ بے روزگار افراد کو ان کے پیشے سے متعلقہ نوکری ملنے کی توقع ہے البتہ آمدنی آپ کی توقعات کے مطابق نہ ہوگی۔ البتہ آپ کو چاہیے کہ نوکری کر لیں کیونکہ مستقبل میں یہ آپ کے لیے بہتر ہوگا۔ اس عرصے میں کسی کو قرض نہ دیں ورنہ واپس لینا آپ کے لیے ناممکن سی بات ہوگی۔

اس عرصے میں آپ کی طبیعت میں سستی کا عنصر موجود رہے گا۔ جس کی بنا پر تعلیم اور کھیل کے میدان میں بہتر کارکردگی نہ دکھا پائیں گے۔ اپنے کام دوسروں پر ڈالنے اور دوسروں سے کروانے کو ترجیح دیں گے۔ عملی کام کی بجائے زیادہ تر خیالی پلاؤ بنایا کریں گے۔

دوران گفتگو محتاط رہیں کسی سے کوئی ایسا وعدہ نہ کر لیں جسے آپ بعد میں پورا نہ کر سکیں۔ انعامی سکیموں میں نقصان ہوگا۔


## ہندی نجوم

بمعہ جدید ہندی لگن سارنی اور 20 سالہ کواکبی تقویم کے۔

ہندوں کو نجوم کے حوالے سے خاص شہرت حاصل ہے۔ اپنی قدامت اور پراسرایت کی وجہ سے بھی ہندی نجوم کو اہم خیال کیا جاتا ہے۔ اب اس موضوع پر ایک ایسی کتاب تحریر کر دی گئی ہے۔ جو ہندی نجوم کے متفرق پہلوؤں کا انتہائی خوبصورتی اور تکنیکی حوالے سے احاطہ کرتی ہے۔ ہر وہ فرد جو ہندی نجوم کو سمجھنے کا خواہش مند ہے وہ اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

ہندی نجوم کے موضوع پر اردو زبان میں کبھی بھی اس قدر جامع اور اعلیٰ پائے کی کتاب تحریر نہ کی گئی ہے۔ کتاب میں پاکستان کے اہم شہروں کی ہندی حساب سے تسویۃ البیوت (لگن سارنی) بھی دی گئی ہے۔ ہندی حساب سے لگن سارنی آج کی تاریخ تک پوری دنیا میں دستیاب نہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہندی حساب سے 20 سال کی کواکبی رفتاریں (2001 تا 2020) بھی اس کتاب میں شامل ہیں۔ خیال رہے لگن سارنی اور ستاروں کی پوزیشن ہندی حساب سے استخراج کی گئی ہے اور آپ کو پاکستان کے لیے اس میں کچھ جمع تفریق نہ کرنا پڑے گا۔

# برج سرطان

| | |
|---|---|
| برج سرطان کا عرصہ حکومت | 21 جون تا 22 جولائی |
| برج سرطان کا منسوبی کوکب | قمر |
| برج سرطان کے منسوبی حروف | ح، ھ |
| برج سرطان والوں کے لیے خوش قسمت اعداد | 2-6-8 |
| برج سرطان والوں کے لیے خوش قسمت پتھر | موتی، ہیرا، مرجان |
| برج سرطان والوں کے لیے خوش قسمت دن | پیر، منگل، جمعہ |
| برج سرطان والوں کے لیے خوش قسمت رنگ | سفید، بسنتی، پیلا |



**یکم جنوری تا 23 فروری**

کاروبار کے حوالے سے ایک اچھا وقت ہے۔ کاروباری حالات بہتر ہوں گے، البتہ آپ کو چاہیے کہ اپنے ملازمین پر زیادہ بھروسہ نہ کریں، نیز ملازمین کی وجہ سے نقصان کا خدشہ ہے۔

اس عرصے میں اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں، بیماری کا خدشہ ہے۔ وہ لوگ جو کام کے سلسلے میں بیرون ملک یا بیرون شہر جانے کی کوششیں کر رہے تھے ان کی راہ میں رکاوٹیں آئیں گی۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ زیادہ تر اخراجات فضول نوعیت کے ہوں گے۔

آپ کے دشمن آپ کے خلاف خفیہ سازشیں کریں گے۔ وہ آپ کو نقصان پہنچانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے۔

اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی کارکردگی متاثر ہوگی۔ اپنے اساتذہ کے ساتھ اَن بَن متوقع ہے۔ قانونی معاملات میں آپ کا پلڑا کمزور رہے گا۔ ساس کا مزاج قدرے بہتر رہے گا۔

عزت وشہرت میں اضافہ ہوگا۔ اعلیٰ عہدیداروں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ جھگڑا ہوسکتا ہے۔ اپنے مزاج پر قابو رکھیں تو معاملات زیادہ خراب ہوں گے۔ سیر وتفریح پر جانا اور موج مستی کرنا پسند کریں گے۔

**24 فروری تا 16 مارچ**

غیر ضروری کاموں میں وقت کا ضیائع کریں گے۔ شراکتی کاروبار کرنے والے افراد کو اپنے شریک کار سے فائدہ ملے گا۔ اچھا رشتے ملنے کے امکانات ہیں۔ گھریلو معاملات اور مسائل کو لوگوں پر ظاہر نہ ہونے دیں۔

امیدوں وخواہشات حقیقت میں بدلی ہوئی نظر آئیں گی اور اس میں آپ کے دوست و احباب بھی آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ بہن بھائیوں یا رشتے داروں کے ساتھ کوئی اَن بن تھی تو کوشش کریں معاملات بہتر طریقے سے حل ہو جائیں گے۔ البتہ ساس کے ساتھ وقتی طور پر اَن بن متوقع ہے۔ اس عرصے میں زمین و جائیداد کی خرید وفروخت نہ کریں ورنہ نقصان کو سودا کرلیں گے۔

**17 مارچ تا 16 مئی**

کھیل کے میدان میں جلد بازی اور ناقص حکمت عملی کی وجہ سے ہار کا اندیشہ ہے۔ انٹرلیول تک کے طالبعلموں کی کارکردگی بھی ناقص رہے گی۔ دوستوں کے ساتھ لڑائی جھگڑا متوقع ہے۔




کامیاب زندگی کے لیے اپنے برج کا منسوبی طلسم حاصل کریں۔ انشاءاللہ آپ ہر شعبہ حیات میں وہ کچھ حاصل کریں گے جس کی آپ کو تمنا ہو گی

کاروباری حوالے سے کافی اونچ نیچ رہے گی۔ ادھار پر مال کم دیں، ورنہ واپس لینے میں مشکلات پیش آئیں گی۔ نیز کسی بھی قسم کا رسک نہ لیں۔ ورنہ نقصان ہی ہوگا۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے مالی نقصان متوقع ہے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے نقصان ہوگا۔

گھریلو ماحول قدرے خوشگوار رہے گا۔ والدین کے ساتھ تعلقات قدرے بہتر رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ کوئی ناراضگی تھی تو وہ اب ختم ہوجائے گی۔ ساس کا مزاج اکثر سخت رہے گا مگر معاملات میں زیادہ بگاڑ نہ آئے گا۔ اُمیدوں و خواہشات کی راہ میں حائل رکاوٹیں کسی پہاڑ سے کم نہ ہوں گی اور زیادہ تر خواہشات خواب بن کر رہ جائیں گی۔ اخراجات سوچ سمجھ کر کیا کریں گے۔

تعلیم کے سلسلے میں بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو اس میں آسانیاں پیدا ہوں گی۔ قانونی مقدمات میں آپ کو کامیابی ملنے کے امکانات ہیں۔ رشتے داروں سے ملنا جلنا بڑھے گا۔ دوران گفتگو غیر مہذبانہ الفاظ کا استعمال نہ کریں ورنہ جھگڑا بڑھ سکتا ہے۔

**17 مئی تا 3 جون**

شریک حیات کا مزاج اکثر گرم رہے گا۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر جھگڑ پڑیں گے۔ اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے مستقل مزاجی سے محنت کریں تو کامیابی کے امکانات ہیں۔

اس عرصے میں کسی دوسرے پر زیادہ اعتبار نہ کریں۔ دوسروں پر پیسہ خرچ کریں گے۔ مالی لحاظ سے نحس وقت ہے۔ کاروباری حالات اکثر خراب رہیں گے۔ شراکتی کاروبار سے بھی کوئی بڑی اور اچھی آمدن متوقع ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات قدرے بہتر رہیں گے۔

بچوں کے ساتھ وقت گزارنا اور سیر وتفریح کرنا پسند کریں گے۔ تعلیمی کارکردگی قدرے بہتر رہے گی۔ غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لیں تو بھی بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ ساس کے ساتھ بھی اکثر ان بن ہو جایا کرے گی۔

**4 جون تا 4 جولائی**

بیرون ملک سفر کے حوالے سے بہتر وقت ہے۔ بیرون ملک مقیم رشتے داروں کے ذریعے فائدہ ملنے کی توقع ہے۔ انعامی سکیموں سے دور رہیں ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔ اخراجات سوچ سمجھ کر کریں ورنہ قرض مانگنے کی نوبت آسکتی ہے۔ آپ کے مزاج میں غیر مستقل مزاجی کا عنصر رہے گا۔ جسکی وجہ سے آپ کو فیصلہ لینے میں مشکلات آیا کریں گی۔

وہ لوگ جو شادی کی عمر کو پہنچ چکے ہیں یا دوسری شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے قدرے بہتر وقت ہے۔ اچھا رشتہ ملنے کے امکانات ہیں۔ البتہ وہ لوگ جو محبت کی شادی کرنا چاہتے ہیں ان کی راہ میں کافی مسائل آئیں گے۔ محبوب/محبوبہ کا مزاج اکثر خراب رہے گا۔

غیر نصابی سرگرمیوں میں اپنے اوپر ضرورت سے زیادہ اعتماد/بھروسہ آپ کی ناکامی کا سبب بن سکتی ہے۔ اعلی تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی کارکردگی قدرے بہتر رہے گی۔

اُمیدوں وخواہشات کی راہ میں کافی رکاوٹیں آئیں گی۔ دوستوں کے ساتھ لڑائی جھگڑا زیادہ ہوگا۔ وراثتی معاملات حل ہونے کی بجائے لڑائی جھگڑے کی صورت اختیار کرتے جائیں گے۔ قانونی معاملات میں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا البتہ کوئی حتمی فیصلہ آنا ممکن نہیں۔ بچوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔

**5 جولائی تا 25 جولائی**

| ماہ | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| جنوری | 14-15-20-24 | 5-6-13-26 |
| فروری | 11-16-20 | 2-9-10-22 |
| مارچ | 11-16-20 | 1-2-9-22-28 |
| اپریل | 6-7-12-16 | 5-18-25 |
| مئی | 4-9-13-31 | 2-3-15-16-22-29-30 |
| جون | 5-6-10-28-29 | 12-18-19-26 |
| جولائی | 3-7-25-30 | 9-16-23-24 |
| اگست | 3-21-27-31 | 5-12-19 |
| ستمبر | 17-18-23-27 | 2-8-9-16-29 |
| اکتوبر | 14-15-20-25 | 5-6-13-27 |
| نومبر | 11-16-17-21 | 2-9-10-23-29 |
| دسمبر | 8-14-18 | 7-20-27 |

کاروباری حوالے سے ایک اچھا وقت ہے کوئی نیا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں تو اس عرصے میں کرلیں فائدہ ہوگا۔ معاشرے میں عزت وشہرت بڑھے گی۔ نوکری میں ترقی ملنے کے بھی امکانات ہیں۔ کسی کو قرض دی ہوئی رقم واپس ملنے کی توقع ہے۔ وراثتی معاملات فی الوقت حل ہوتے دکھائی نہیں دیتے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے فائدہ ہوگا۔

گھریلو ماحول اکثر ناخوشگوار رہے گا۔ زمین و جائیدا کی خرید وفروخت کے لیے مناسب وقت نہیں۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر اکثر پریشان ہو جایا کریں گے۔ جس کی وجہ سے سر درد اور بلڈ پریشر جیسی بیماریوں سے واسطہ پڑسکتا ہے۔

اپنے معاملات کو مستقل مزاجی اور مضبوط قوت ارادی سے حل کرنے کی کوشش کریں تو کامیابی ہوگی۔ گھر کی تزئین وآرائش پر بالکل توجہ نہ دیں گے۔ آپ کو چاہیے کہ گھر میں صفائی کا خاص دھیان رکھیں ورنہ بچے بیمار ہوسکتے ہیں۔

نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ بچوں کے ساتھ وقت گزارنا اور سیر و تفریح پر جانا پسند کریں گے۔

**26 جولائی تا 18 ستمبر**

مجموعی طور پر یہ وقت آپ کے لیے خوش قسمت ثابت ہوگا۔ امیدوں وخواہشات کی راہ پر آسانیاں پیدا ہوں گی اور بہت سی خواہشات کو حقیقت کا روپ دینے میں کامیاب ہوں گے۔

رشتے داروں سے میل جول بڑھے گا۔ نئے دوست بنانا پسند کریں گے۔ بیرون ملک مقیم رشتے داروں کے ذریعے فائدہ ہوگا۔ تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ تجارت سے وابستہ لوگوں کے لیے اچھا وقت ہے۔ قانونی معاملات میں آپ کو کامیابی ملے گی۔ اپنے سے عمر میں بڑے لوگوں سے مشاورت کرنا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ کھیل کے میدان میں چوٹ لگنے کا خدشہ ہے۔

محبوب / محبوبہ کے ساتھ کوئی ناراضگی تھی تو وہ اب دور ہو جائے گی۔ وہ لوگ جو اپنے لیے شریک حیات کی تلاش میں ہیں انھیں فی الوقت کامیابی ملتی نظر نہیں آتی۔ البتہ دوسری شادی کے حوالے سے سعد وقت ہے۔

**19 ستمبر تا 5 نومبر**

مالی حوالے سے ایک بہتر وقت ہے۔ بے روزگار افراد کو بھی بہتر نوکری ملنے کی توقع ہے وہ لوگ جو بہتر نوکری کی تلاش میں تھے انھیں کامیابی ملے گی۔ کاروبار میں بڑی سرمایہ کاری کے حوالے سے ایک بہترین وقت ہے۔

آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے چند ایک مسائل بھی حل ہو جائیں گے۔ مذہبی کاموں کی طرف آپ کی توجہ رہے گی۔ نیز آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ اس وقت میں نہ مل جائے گا۔ زیورات، زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید وفروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف پہلے کی نسبت زیادہ رہے گی۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ گھر میں وقت گزارنا پسند کریں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

**6 نومبر تا 31 دسمبر**

شریک حیات کا مزاج بڑا پیار بھرا اور رومانوی رہا کرے گا۔ شریک حیات آپ کے بہت سے معاملات میں خوش قسمت ثابت ہوگی۔ محبوب کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ وہ لوگ جو اپنے شریک حیات کی تلاش میں ہیں انھیں بھی بہتر جیون ساتھی مل جائے گا۔ اُمیدوں وتمناؤں کی راہ میں آسانیاں پیدا ہوں گی اور اگر آپ نے مستقل مزاجی سے کوشش کی تو اپنی خواہشات کو انشاء اللہ عملی صورت دینے میں کامیاب رہیں گے۔

کاروباری معاملات پر پوری توجہ دیں، ملازموں یا کسی جان پہچان والے پر کام چھوڑنے کی وجہ سے نقصان اٹھائیں گے۔ آپ کے دشمن آپ کو بدنام کرنے کی کوشش کریں گے۔ افسران کے ساتھ تلخ کلامی متوقع ہے نیز اعلیٰ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے چھوٹا انعام نکل سکتا ہے۔

نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ کوئی نئی سواری جیسے کار، موٹر سائیکل وغیرہ خریدنا چاہتے ہیں تو اس عرصے میں خرید لیں بہتر ہے۔

## لوح شرف مشتری

دولت، استحکام، خوش حالی، تجارت میں اضافہ، ترقی، حصول جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت جیسے مقاصد کے لیے یہ لوح بہت زیادہ مفید ہے۔ وہ خواتین وحضرات جو روزگار کے مسائل یا بندش کا شکار ہیں، یا وہ جن کی نوکری یا کاروبار کے معاملات میں مخالفت یا دشمنی کی وجہ سے مسائل اور رزق میں برکت یا وسعت نہیں ہے۔ وہ جن کے اخراجات زیادہ اور آمدن کم ہے۔ جنھیں مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ قرض کی ادائیگی کرنی ہے یا مالی آسودگی حاصل کرنی ہے یا کاروبار میں برکت اور کامیابی، نوکری میں ترقی مطلوب ہے یا کسی بھی قسم کی مالی، مادی، کاروباری اور پیشہ ورانہ کامیابی کی بات ہو اس لوح سے فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے۔ ذاتی کاروبار یا دفتر چلانے والوں کے لیے بھی یہ بہت موثر ہے۔

# برج اسد

| | |
|---|---|
| برج اسد کا عرصہ حکومت | 23 جولائی تا 23 اگست |
| برج اسد کا منسوبی کوکب | شمس |
| برج اسد کا منسوبی حرف | م |
| برج اسد والوں کے لیے خوش قسمت اعداد | 9-6-5-1 |
| برج اسد والوں کے لیے خوش قسمت پتھر | یاقوت، مرجان |
| برج اسد والوں کے لیے خوش قسمت دن | اتوار، منگل، بدھ |
| برج اسد والوں کے لیے خوش قسمت رنگ | سنہرا، سبز، سرخ |



**یکم جنوری تا 23 فروری**

اُمیدوں و خواہشات کی راہ میں بہت سی رکاوٹیں و پریشانیاں پیدا ہوتی ہوئی دکھائی دیں گی۔ دوستوں کے ساتھ وقتی طور پر ناراضگیاں پیدا ہوں گی۔ اس عرصے میں انعامی سکیمیں نہ کھیلیں، ورنہ نقصان ہوگا۔ مالی حالات بھی تھوڑے تنگ رہیں گے۔ کسی کو دیا ہوا قرض واپس ملنا آسان نہ ہوگا۔

انٹر لیول تک کے طالب علموں کی کارکردگی متاثر ہوگی۔ البتہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔

قانونی معاملات میں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا، البتہ ان کا کوئی حتمی فیصلہ نکلتا نظر نہیں آتا۔ بیرون ملک وابستہ رشتے داروں یا عزیزوں سے فائدہ ملنے کی توقع ہے۔

شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ وہ لوگ جو اپنے لیے شریک حیات کی تلاش میں ہیں۔ انہیں اس عرصے میں بہتر جیون ساتھی ملنے کی توقع ہے۔ دوسری شادی کے حوالے سے بھی بہتر وقت ہے۔ تجارتی کاروبار کے لیے اچھا وقت ہے۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے نقصان متوقع ہے۔

چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ البتہ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ اَن بَن ہو سکتی ہے۔ بچوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔ موج مستی کرتے وقت محتاط رہیں، چوٹ لگنے کا خدشہ ہے۔

**24 فروری تا 16 مارچ**

صحت مند و توانائی نظر آئیں گے۔ لذیز کھانے کھانا اور گپ شپ لگانا پسند کریں گے۔ کاروباری حوالے سے مناسب وقت ہے۔ اپنی پوری محنت و کوشش بروئے کار لائیں تو اچھے نتائج آئیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو بھی بہتر نوکری ملنے کی توقع ہے۔

عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش سے وہ حل ہو جائیں گے۔ اپنی کمزوریوں اور مسائل کو دوسروں پر ظاہر نہ ہونے دیں۔ ورنہ دشمن ان کو ہتھیار بنا کر استعمال کریں گے۔ بیرون ملک سفر سے وابستہ معاملات با آسانی طے پاتے نظر نہیں آتے۔ صحت کے حوالے سے آپ کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا، جیسے سر درد، نزلہ وغیرہ۔ ساس کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

**17 مارچ تا 16 مئی**

گھریلو ماحول قدرے ناخوشگوار رہے گا۔ وہ لوگ جو اپنے لیے شریک حیات کی تلاش میں ہیں انہیں اس عرصے میں بہتر ساتھی ملنا مشکل ہے۔ شریک حیات کا مزاج اکثر سخت رہے گا۔ بات بات پر جلد غصے میں آ جایا کریں گے اور جلد ٹھنڈے نہ ہوں گے۔

کاروباری حوالے سے مشکل وقت ہے۔ آپ کے مخالفین بھی آپ کے خلاف سازشیں رچاتے نظر آئیں گے۔

اندرون ملک تجارت کے حوالے سے بہتر وقت ہے۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے اَن بَن اور نقصان متوقع ہے۔

کسی بھی سواری (کار، موٹر سائیکل وغیرہ) کی خرید و فروخت ہر گز نہ کریں۔ قریبی رشتے داروں اور چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ بھی




کامیاب زندگی کے لیے اپنے برج کا منسوبی طلسم حاصل کریں۔ انشاءاللہ آپ ہر شعبہ حیات میں وہ کچھ حاصل کریں گے جس کی آپ کو تمنا ہو گی

تعلقات اکثر کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ آپ کے اندر اعتماد کی کمی محسوس ہوگی۔ دوسروں پر جلد بھروسہ کرلیا کریں گے جو آپ کے لیے سودمند نہیں۔

**17 مئی تا 3 جون**

صحت اکثر خراب رہے گی۔ پہلے سے بیمار لوگوں کی صحت زیادہ خراب ہوجائے گی۔ دشمنوں میں اضافہ ہوگا۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے معاملات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ آپ کے مزاج کی وجہ سے گھریلو ماحول ناخوشگوار رہے گا۔

مالی حالات قدرے بہتر رہیں گے مگر پیسہ جلد خرچ ہو جائے گا۔ اخراجات کا تناسب آمدن سے بڑھ جائے گا۔ کاروباری حوالے سے قدرے بہتر وقت ہے مگر اس وقت کوئی نیا کاروبار شروع کرنے کا مشورہ نہیں دیا جاسکتا۔

تجارت سے وابستہ لوگوں کے لیے اچھا وقت نہیں ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کے مسائل میں اضافہ ہوگا۔

آپ کا مزاج اکثر سخت رہے گا۔ ملازمین پر ڈانٹ ڈپٹ زیادہ کریں گے۔ کوئی قیمتی چیز گم ہونے یا ٹوٹنے کا خطرہ ہے۔

**4 جون تا 4 جولائی**

اس عرصے میں آپ مجموعی طور پر بے چین رہا کریں گے۔ گھر سے باہر وقت گزارنا پسند کریں گے اور ذہنی سکون حاصل ہوگا۔ ذہنی بے سکونی کا شکار رہیں گے۔ بے روزگار افراد کو نوکری مل جائے گی۔ البتہ ممکن ہے کہ وہ ان کی قابلیت کے مطابق نہ ہو۔ کاروباری حالات قدرے اونچ نیچ کا شکار رہیں گے۔ گاہکوں کے ساتھ آپ کا رویہ اچھا نہ ہو گا۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے مالی فائدہ ہوگا۔ البتہ آپسی اَن بَن متوقع ہے۔

دوسروں کے مسائل کو بھی سر پر سوار کرلیا کریں گے۔ کسی کو دی ہوئی رقم واپس ملنے کی توقع ہے۔ وراثتی مسائل کا بہتر حل نکل آئے گا۔ اخراجات سوچ سمجھ کر کیا کریں گے۔

| ماہ | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| جنوری | 3-13-18-22-30-31 | 8-9-27 |
| فروری | 9-10-14-18-27 | 4-5-23-24 |
| مارچ | 9-13-18-26 | 4-23-24-31 |
| اپریل | 5-10-14-22-23 | 19-27-28 |
| مئی | 2-3-7-11-20-29-30 | 17-24-25 |
| جون | 3-8-16-26 | 13-21 |
| جولائی | 1-5-13-14-23-24-28 | 11-18-19 |
| اگست | 1-10-19-24-29 | 6-7-14-15 |
| ستمبر | 6-16-21-25 | 3-11-30 |
| اکتوبر | 3-13-18-22-23-31 | 1-8-28 |
| نومبر | 9-10-14-19-27 | 4-5-24 |
| دسمبر | 7-11-12-16-24-25 | 2-21-29 |

حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ شریک حیات کا مزاج اکثر خراب رہے گا۔ ساس کے ساتھ بھی معاملات خراب ہو سکتے ہیں۔ گھریلو پریشانیوں میں اضافہ ہوگا۔

کوئی گمی ہوئی چیز ملنے کی توقع ہے۔ مشکل وقت کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ البتہ کسی چیز کو سر پر سوار نہ کریں۔

**5 جولائی تا 25 جولائی**

یہ وقت آپ کے لیے ذہنی سکون اور آسانیاں لے کر آئے گا آپ کے بہت سے مسائل حل ہوتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ گھریلو ماحول بھی بہتر ہوگا۔ بہت سے تنازعات اور جھگڑے بہتر طریقے سے حل ہوتے ہوئے دکھائی دیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی اور رومانویت بڑھے گی۔ بہت سے شادی شدہ افراد بچوں کی تعداد میں اضافے پر بھی توجہ دیں گے۔ امیدوں و خواہشات کی تکمیل کی طرف سفر شروع ہوگا۔ ہر چیز کو الگ نظریے سے دیکھنے کی قابلیت پیدا ہوگی اور ممکن ہے کہ آپ کے الگ نظریات کو بعض لوگ پسند کریں اور بعض اعتراضات اٹھائیں۔ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔

بچوں کے ذریعے خوشی کا حصول ہوگا۔ میوزک میں دلچسپی بڑھے گی۔ شادی کے لیے اچھا وقت ہے۔ اس وقت میں نکاح کر سکتے ہیں۔ فضول اخراجات میں اضافہ ہوگا۔

**26 جولائی تا 18 ستمبر**

اس عرصے میں کسی سے کوئی وعدہ یا عہد کرتے ہوئے دو بار لازماً سوچیں کہ آیا آپ یہ کام مقررہ وقت پر کرلیں گے۔ آپ کے ذہن میں

اکثر سوچیں بدلتی اور منصوبے تبدیل ہوتے رہیں گے۔ الجھنوں سے باہر نکل کر کسی ایک فیصلے پر جم جائیں۔ تو ضرور کامیاب ہوں گے ورنہ خیالی پلاؤ ہی پکاتے رہیں گے۔

کاروباری حوالے سے ایک اچھا وقت ہے۔ مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ البتہ فضول اخراجات میں خاطر خواہ اضافے کے باعث مالی تنگی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ گندا پانی پینے یا خراب کھانا کھانے کی وجہ سے طبیعت خراب ہوسکتی ہے۔ وراثتی معاملات بہتر طریقے سے حل ہو جائیں گے۔ کسی کو قرض دی ہوئی رقم واپس نہیں مل رہی تھی تو اس عرصے میں کوشش کریں پوری نہ سہی تو کچھ نہ کچھ ضرور مل جائے گی۔

ملازمت پیشہ افراد کے لیے سخت وقت ہے۔ ان کے ساتھ کام کرنے والے آپ کی ٹانگیں کھینچتے نظر آئیں گے۔ نوکری تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو فی الوقت صبر رکھیں تو بہتر ہے۔ کیونکہ اس عرصے میں ملنے والی نوکری آپ کے لیے زیادہ پریشان کن ثابت ہوگی۔

**19 ستمبر تا 5 نومبر**

اس عرصے میں آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا فائدہ مند رہے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں سے بھی ضرور رابطہ کریں۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔

سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔ شراکتی اکاؤنٹ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں حل ہو جائے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ قانونی معاملات میں کامیابی ملے گی۔

وراثتی معاملات بہتر طریقے سے حل ہونے کی توقع ہے۔ رشتے داروں کے ساتھ اَن بَن تھی تو اب معاملات بہتر طریقے سے حل ہو جائیں گے۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے بھی اچھا وقت ہے۔ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

**6 نومبر تا 31 دسمبر**

بیرون ملک مقیم رشتے داروں سے توقعات تھیں تو وہ پوری ہوتی ہوئی نظر نہیں آتی۔ تعلیم یا کام کے سلسلے میں بیرون ملک جا رہے تھے تو وہاں جا کر پریشانیوں میں اضافہ ہوگا۔

گھریلو ماحول قدرے بہتر ہوگا۔ کاروبار کے ساتھ ساتھ گھر والوں


**لوح تسخیر ہمزاد عرف رموز و اسرار ہمزاد**

ہمزاد کے موضوع پر قدیم زمانہ کی کتابوں میں سے ایک معتبر کتاب ہے۔ صاحب کتاب نے موضوع کو ابتداء سے انتہا تک مکمل تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔ ہمزاد کیا ہے؟ اس کی خوبی، اس کے اوصاف، اس کے فوائد، کیا کام کر سکتا ہے، اس کے نقصان، ہمزاد کی خرابیوں کا مداوا وغیرہ جیسے اُمور زیر بحث لیے گئے ہیں۔ ہمزاد کو سدھ کرنے کے منتر، عامل کے لیے ضروری ہدایات، احتیاطیں، عمل اور دیگر اُمور کا مکمل بیان، متفرق قواعد، ہمزاد کے ساتھ مردہ فرد کے ہمزاد کو سدھ کرنے کا طریقہ، مختلف عملی معلومات اور مثالیں اس کتاب کا خاص خزانہ ہیں۔ کتاب کے آخر میں روزمرہ زندگی میں درپیش مسائل کے حوالے سے مختلف منتر، اعمال اور نقوش وغیرہ پیش کرنے کے بعد پھر چند خاص اعمال تسخیر ہمزاد کے حوالے سے دیئے گئے ہیں۔ ہمزاد اور اس طرح کی دیگر مخلوقات کی تسخیر میں دلچسپی رکھنے والوں کو اس قدیم اور مستند کتاب کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔ علم اور دانش میں اضافہ کا باعث بننے والی معتبر کتاب۔ (مصنف بابا ابراہمی قادری) (فوٹو کاپی میں دستیاب ہے)۔

حوالہ نمبر:220 قیمت:350


کو بھی زیادہ وقت دیں گے اور ہر کام بہتر طریقے سے سرانجام دینے کی کوشش کریں گے۔

کاروباری حوالے سے قدرے بہتر وقت ہے شراکتی کاروبار بھی منافع بخش رہے گا۔ بے روزگار افراد کو بھی نوکری ملنے کی توقع ہے افسروں کے ساتھ تعلقات قدرے بہتر رہیں گے۔

صحت قدرے بہتر رہے گی۔ قانونی مقدمات کا کوئی حل نکلتا نظر نہیں آتا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلم تعلیم پر پوری توجہ نہ دیں گے جس کی وجہ سے نتائج اچھے نہ آئیں گے۔ شریک حیات آپ کی خواہشات کا بھرپور خیال رکھیں گے۔

# برج سنبلہ

| | |
|---|---|
| برج سنبلہ کا عرصہ حکومت | 24 اگست تا 22 ستمبر |
| برج سنبلہ کا منسوبی کوکب | عطارد |
| برج سنبلہ کے حروف | پ، غ |
| برج سنبلہ والوں کے لیے خوش قسمت اعداد | 6-5-3 |
| برج سنبلہ والوں کے لیے خوش قسمت پتھر | پنا، پکھراج، ہیرا |
| برج سنبلہ والوں کے لیے خوش قسمت دن | بدھ، جمعرات، جمعہ |
| برج سنبلہ والوں کے لیے خوش قسمت رنگ | سبز، پیلا، سفید |



**یکم جنوری تا 23 فروری**

گھر میں وقت گزارنا اور ان کی خواہشات کا خیال رکھنا پسند کریں گے۔ البتہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر اکثر اَن بَن ہو جایا کرے گی۔

مالی حالات میں قدرے بہتری آئے گی۔ نیز اخراجات بھی سوچ سمجھ کر کریں گے۔ صحت بھی اچھی رہے گی، کاروبار میں کوئی خاص بہتری نہ آئے گی۔

ملازمت پیشہ افراد کو اپنے افسران سے ڈانٹ وغیرہ پڑ سکتی ہے۔ اعلیٰ افسران اور حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہوں گے۔ عزت و شہرت میں کمی آئے گی۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے مالی فائدہ ہوگا۔ البتہ شریک کار کے ساتھ وقتی طور پر اَن بَن ہو سکتی ہے۔

کسی کو دیا ہوا قرض واپس ملنے کی توقع ہے۔ وراثتی معاملات آپ کے حق میں حل ہوتے دکھائی دیں گے۔

اس عرصے میں کوئی بھی قیمتی چیز نہ خریدیں، ورنہ آپ کے ساتھ دھوکا ہو سکتا ہے۔ شریک حیات کا مزاج اکثر خراب رہے گا اور جلد غصے میں آ جایا کریں گے۔

**24 فروری تا 16 مارچ**

اپنے لیے شریک حیات کی تلاش میں ہیں تو اس عرصے میں بہتر جیون ساتھی ملنے کی توقع ہے۔ تعلیم کے میدان میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے آسانیاں پیدا ہوں گی۔ انعامی سکیموں کے ذریعے فائدہ ملنے کی توقع ہے۔ کھیل کے میدان میں بھی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ آپ کی توجہ فلمیں، ڈرامے دیکھنے اور سیر و تفریح کے لیے جانے جیسے کاموں کی طرف زیادہ رہے گی۔ شریک حیات اور سسرالی رشتے داروں کی طرف سے مدد ملتی نظر آ رہی ہے۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت رہے گی۔ ذہنی پریشانی کا شکار ہوتے نظر آ رہے ہیں یہ پریشانی مالی معاملات کو لے کر ہو سکتی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ پرندوں اور جانوروں میں دلچسپی بڑھے گی۔ علاوہ ازیں اس سلسلے میں لوگوں سے اور دوسرے ذرائع انٹرنیٹ وغیرہ سے معلومات بھی اکٹھا کریں گے۔

**17 مارچ تا 16 مئی**

اُمیدوں و خواہشات کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے کافی تگ و دو کرتے نظر آئیں گے۔ جس میں کافی حد تک کامیاب بھی ہو جائیں گے۔ البتہ کسی فرد سے اُمید لگانا آپ کے لیے مایوس کن ثابت ہوگا۔




کامیاب زندگی کے لیے اپنے برج کا منسوبی طلسم حاصل کریں۔ انشاءاللہ آپ ہر شعبہ حیات میں وہ کچھ حاصل کریں گے جس کی آپ کو تمنا ہو گی

چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات بگڑ سکتے ہیں۔ کرایہ داروں کے ساتھ بھی اَن بَن متوقع ہے۔ قانونی معاملات میں آپ کو شکست کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں اور عملیات کے شعبے سے تعلق رکھنے والے طالبعلموں کے لیے اچھا وقت نہیں، انہیں ناکامیوں کا سامنا ہوگا۔

وہ لوگ جو بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے تھے وہ اپنی صحت کی خرابی یا دشمنوں کی چال بازی کی وجہ سے نہ جا سکیں گے آپ کے دشمن آپ کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔

ملازم پیشہ افراد کو اپنے ساتھ کام کرنے والوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے وہ آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آرہے ہیں۔ تجارت سے وابستہ لوگوں کے لیے اچھا وقت نہیں۔ لمبے سفر پر جاتے وقت خود ڈرائیونگ نہ کریں۔ حادثے کا امکان ہے۔ نیز دوران سفر آپ کی طبیعت بھی خراب ہوسکتی ہے۔ کار، موٹر سائیکل وغیرہ کی خرید و فروخت کے لیے موزوں وقت نہیں۔

**17 مئی تا 3 جون**

انٹر لیول تک طالب علموں کی کارکردگی کافی خراب رہے گی، البتہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کے نتائج اچھے آئیں گے۔ کھیل کے میدان میں بھی آپ عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرسکیں گے۔

اس عرصے میں آپ کا مزاج عاشقانہ اور پیار بھرا ہوگا مگر عاشق/معشوق کے ساتھ تعلقات اکثر خراب ہی رہیں گے۔ نیز عاشق/معشوق کی وجہ سے اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا۔

مالی حالات خراب رہیں گے۔ اُدھار لینے کی بھی نوبت آسکتی ہے۔ کسی کو دیا ہوا قرض واپس ملنا آسان نہ ہوگا۔ انعامی سکیمیں نہ کھیلیں ورنہ نقصان ہوگا۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے بڑا نقصان متوقع ہے۔

شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ البتہ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ سرد جنگ چھڑ سکتی ہے۔

بچوں کی وجہ سے پریشانیوں میں اضافہ ہوگا، نیز سیر و تفریح اور بچوں کی وجہ سے اخراجات بڑھیں گے۔

**4 جون تا 4 جولائی**

| ماہ | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| جنوری | 14-15-20-24 | 3-11-30-31 |
| فروری | 11-16-20 | 7-27 |
| مارچ | 11-16-20 | 6-7-26 |
| اپریل | 6-7-12-16 | 2-3-22-23-30 |
| مئی | 4-9-13-31 | 20-27 |
| جون | 5-6-10-28-29 | 16-23-24 |
| جولائی | 3-7-25-30 | 13-14-21 |
| اگست | 3-21-27-31 | 10-17 |
| ستمبر | 17-18-23-27 | 6-13-14 |
| اکتوبر | 14-15-20-25 | 3-10-11-31 |
| نومبر | 11-16-17-21 | 7-27 |
| دسمبر | 8-14-18 | 4-5-24-25-31 |

چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ اکثر تعلقات خراب رہیں گے۔ زبان کا غلط استعمال یا غیر اخلاقی الفاظ کا چناؤ مسائل اور جھگڑوں میں شدت کا باعث بن سکتا ہے۔ لہٰذا احتیاط کریں۔

اس عرصہ میں آپ اپنی اُمیدوں و خواہشات کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے کافی محنت کرتے نظر آئیں گے۔ صحت کا خاص خیال رکھیں بیمار ہو سکتے ہیں آپ کے دشمن آپ کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ فضول اخراجات میں اضافہ ہوگا مگر مذہبی اور فلاحی کاموں میں خرچ سوچ سمجھ کر کیا کریں گے۔

سیر و تفریح اور جنس مخالف کے اوپر اخراجات کریں گے۔ جنس مخالف کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔ محبت کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو اس حوالے سے بہترین وقت ہے۔ وہ لوگ جو اپنے لیے شریک حیات کی تلاش میں ہیں انہیں اس عرصے میں اپنا من پسند شریک حیات مل جائے گا۔ وہ لوگ جو دوسری شریک حیات کی تلاش میں ہیں ان کے لیے بہتر وقت نہیں۔

**5 جولائی تا 25 جولائی**

مالی معاملات کے حوالے سے ایک مشکل وقت ہے۔ اگر آپ نے بغیر سوچے سمجھے اخراجات کیے تو آپ کو قرض مانگنے کی بھی نوبت پڑ سکتی ہے۔ وراثتی معاملات بہتر طریقے سے حل ہو جائیں گے۔ قرض دی ہوئی رقم واپس ملنے کی توقع ہے۔ مالی حوالے سے کسی پر جلد اعتبار نہ کریں۔ ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔

صحت مند و توانا نظر آئیں گے گھریلو ماحول قدرے خوشگوار رہے گا اور ساس کے ساتھ بھی تعلقات بہتر ہوں گے۔ محبوب/محبوبہ کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوسکتی ہے۔ دوستوں کے ساتھ بھی ان بن متوقع ہے۔ کھیل کے میدان میں ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ انعامی سکیموں میں نقصان اٹھائیں گے۔ فضول کاموں میں اپنے وقت کو ضائع کریں گے۔

باتونی ہوں گے اور اکثر بغیر سوچے سمجھے کچھ بھی بول دیا کریں گے جس کی وجہ سے بعد میں شرمندگی کا سامنا ہوگا۔

اُمیدوں وخواہشات کے حصول کے لیے آپ کو ضرورت سے زیادہ تگ ودو کرنے کی ضرورت ہے مگر آپ میں ہمت اور حوصلے کی کمی کی وجہ سے آپ کی بہت سی خواہشات ادھوری رہ جائیں گی۔ اپنی تعریف سن کر بہت خوشی محسوس کریں گے اور اکثر ایسے شخص پر جلد یقین کرلیا کریں گے جو آپ کی چاپلوسی کرے گا۔

**26 جولائی تا 18 ستمبر**

مجموعی طور پر یہ وقت آپ کے لیے خوش قسمت ثابت ہوگا آپ کی امیدوں وخواہشات کی راہ میں بہت سے ایسے ساتھی ملیں گے جن کی وجہ سے آپ کی خواہشات حقیقت میں بدل جائیں گی۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے اچھا وقت ہے بیرون ملک تجارت سے فائدہ ہوگا۔

شریک حیات ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ وہ لوگ جو اپنے لیے شریک حیات کی تلاش میں ہیں انہیں اس عرصے میں ایک بہتر شریک حیات مل جائے گی دوسری شادی کے حوالے سے بھی اچھا وقت ہے۔ قانونی معاملات میں آپ کو کامیابی ملے گی۔ انعامی سکیموں کے ذریعے فائدہ ہوگا۔

صحت کا خاص خیال رکھیں اور راز کی باتیں کسی کو نہ بتائیں ورنہ وہ افشاء ہو جائیں گی۔ نئے دوست بنانا اور گھر سے باہر وقت گزارنا پسند کریں گے۔ ملازموں پر ہرگز اعتبار نہ کریں ان کی وجہ سے نقصان ہوگا۔ فلاحی اور دینی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دوسروں کو بھی ایسا کرنے کی ترغیب دیتے نظر آئیں گے۔ بے مقصد اخراجات میں اضافہ ہوگا۔

سیر وتفریح کے بہت سے منصوبے بنائیں گے۔ مگر انہیں عملی جامہ نہ پہنا سکیں گے۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے آسانیاں پیدا ہوں گی۔ محبوب/محبوبہ کے ساتھ تعلقات خراب ہوسکتے ہیں۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کی کارکردگی خراب رہے گی۔

**19 ستمبر تا 5 نومبر**

گھر والوں کو وقت دیں گے اور ان کی پسند وخواہشات کا خاص خیال رکھیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ جنس مخالف کی طرف توجہ بڑھے گی اور تحائف کا تبادلہ ہوگا۔

شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ دن فائدہ مند رہیں گے۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ آپ کے اخراجات میں پہلے کی نسبت کمی آئے گی۔ صحت اچھی رہے گی۔ وہ لوگ جو اپنے لیے بہتر نوکری کی تلاش میں تھے تو اس عرصے میں کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ البتہ موجودہ نوکری میں ترقی کے امکانات نہیں ہیں۔

**6 نومبر تا 31 دسمبر**

شادی، بیاہ اور منگنی کے لیے سعد وقت ہے۔ جنس مخالف کی طرف توجہ بڑھے گی۔ قانونی کاروائیوں میں آپ کا پلڑا قدرے بھاری رہے گا مگر کوئی حل نکلتا نظر نہیں آتا۔ اس عرصے میں کسی بھی قسم کی کوئی سواری نہ خریدیں ورنہ نقصان کا سودا کریں گے۔ تعلیمی سلسلے میں بیرون ملک جانے کے لیے کی گئی کوششوں کے بہتر نتائج نکلیں گے۔ آپ کے اندر سستی کا عنصر واضح رہے گا جس کی وجہ سے بہت سی خواہشات ادھوری رہ جائیں گی۔

مزاج قدرے ٹھنڈا اور رومانوی رہے گا۔ دوستوں اور عزیزوں کے ساتھ سیر وتفریح پر جانا اور موج مستی کرنا پسند کریں گے۔ دوسروں کے ساتھ جاری تنازعات کو ختم کرنے کی کوشش کریں گے اور دوسروں کو بھی پیار و محبت کا سبق دیں گے۔ روپے پیسے کے معاملات میں تنگی کا شکار رہیں گے۔ کسی کو دی ہوئی رقم واپس نکلوانا آپ کے لیے تقریباً ناممکن سی بات ہوگی۔ کھیل کے میدان میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔


## کپڑا ناپنے کا عمل

سحر وجادو معلوم کرنے کا ایک خاص عمل جس میں کپڑا پڑھائی کرنے سے چھوٹا یا بڑا ہو جاتا ہے۔

(ایک کلاس۔ فیس پانچ ہزار روپے)

# برج میزان

| | |
|---|---|
| برج میزان کا عرصہ حکومت | 23 ستمبر تا 23 اکتوبر |
| برج میزان کا منسوبی کوکب | زہرہ |
| برج میزان کے منسوبی حروف | ت، ر، ط |
| برج میزان والوں کے لیے خوش قسمت اعداد | 1-4-6-9 |
| برج میزان والوں کے لیے خوش قسمت پتھر | ہیرا، موتی |
| برج میزان والوں کے لیے خوش قسمت دن | جمعہ، اتوار، منگل |
| برج میزان والوں کے لیے خوش قسمت رنگ | پیلا، نارنجی، گندمی |



## یکم جنوری تا 23 فروری

چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں پر اخراجات ہوں گے۔ اس عرصے میں فضول اخراجات کا تناسب بڑھا رہے گا۔ تجارت کے حوالے سے نقصان دہ وقت ہے۔

انٹرلیول سے اوپر کے طالبعلموں کی کارکردگی کافی خراب رہے گی، البتہ انٹرلیول تک کے طالبعلموں کی کارکردگی میں پہلے کی نسبت تھوڑی بہتری آئے گی۔ کھیل کے میدان میں آپ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ سیر و تفریح پر جانے کا موقع ملے گا۔ اپنے سے عمر میں بڑے دوست بنائیں گے۔

انعامی سکیموں میں ادنیٰ کامیابی کی توقع ہے، البتہ زیادہ لالچ کی تو نقصان ہی اٹھائیں گے۔

شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ البتہ وہ لوگ جن کی ایک سے زائد شادیاں ہیں ان کی اپنی دوسری شریک حیات کے ساتھ بدمزگی پیدا ہوسکتی ہے۔

صحت کا خاص خیال رکھیں۔ بے احتیاطی کی وجہ سے زیادہ بیمار پڑ سکتے ہیں۔ لڑائی جھگڑے کی صورت میں ہاتھاپائی سے اجتناب کریں، ورنہ آپ کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے۔

اس عرصے میں آپ کی بہت سی اُمیدیں و خواہشات پوری ہوں گی مگر اس کے لیے آپ کو سخت محنت درکار ہوگی۔

## 24 فروری تا 16 مارچ

کاروباری حوالے سے اچھا وقت نہیں کاروبار پر پوری توجہ نہ دے سکیں گے۔ گھر میں ضرورت سے زیادہ وقت گزاریں گے یا گھریلو پریشانیوں کی وجہ سے بھی کاروبار متاثر ہوسکتا ہے۔ البتہ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے فائدہ ہوگا۔ بے روزگار افراد کو نوکری ملنے کی توقع ہے۔ رشتہ، منگنی اور نکاح وغیرہ کے لیے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ آسان ذرائع سے آمدن حاصل کرنے کی کوشش کریں گے کافی اُمید نظر آتی ہے کہ آپ کو کامیابی ملے گی۔ کھانے پینے کی طرف آپ کا رجحان رہے گا اور ساتھ ہی ساتھ بازاری کھانوں اور دعوتوں میں بھی شرکت رہے گی۔ قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ کیونکہ آپ لین دین کے دوران غلطی کریں گے جس کا پچھتاوا آپ کو بعد میں ہو گا۔ شریک حیات کے ساتھ لڑائی جھگڑا ہوسکتا ہے۔

## 17 مارچ تا 16 مئی

اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو اس میں آسانیاں پیدا ہوں گی۔ صحت اچھی رہے گی۔ معاشرے میں عزت و شہرت بڑھے گی۔ کاروباری حوالے سے بہتری آئے گی۔ مگر یہ عرصہ آپ کے لیے مالی پریشانیوں اور تنگی کو ظاہر کر رہا ہے۔ کسی کو دیا ہوا قرض واپس ملنا تھا تو واپس نہ ملے گا۔ قرض لینے میں بھی مشکلات آئیں گی۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے نقصان ہوگا۔ اُمیدوں و خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کوشش تو بہت کریں گے مگر حسب خواہش نتائج نہ نکلیں گے۔

گھر سے باہر اکثر غیر مہذبانہ الفاظ کا استعمال کیا کریں گے۔ کھیل کے میدان میں جلد بازی کی وجہ سے اچھی کارکردگی نہ دکھا پائیں گے۔ اچھے فیصلے لینے کی صلاحیت رکھتے ہیں مگر جلد بازی کی وجہ سے اکثر کام میں خرابی آجایا کرے گی۔




کامیاب زندگی کے لیے اپنے برج کا منسوبی طلسم حاصل کریں۔ انشاءاللہ آپ ہرشعبہ حیات میں وہ کچھ حاصل کریں گے جس کی آپ کو تمنا ہو گی

## 17 مئی تا 3 جون

گھریلو ماحول اکثر ناخوشگوار رہے گا۔ ساس کے ساتھ بھی تعلقات اکثر خراب رہیں گے۔ اپنے سے عمر میں بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ بھی کشیدگیاں پیدا ہوسکتی ہیں۔ والدہ کا مزاج بھی سخت رہے گا۔

مالی حالات قدرے بہتر رہیں گے۔ اخراجات بھی سوچ سمجھ کر کیا کریں گے۔ اُمیدوں وخواہشات کی راہ میں رکاوٹیں آئیں گی اور بہت سی اُمیدیں صرف خواب بن کر ہی رہ جائیں گی۔

زمین و جائیداد کی خرید وفروخت ہرگز نہ کریں اور نہ ہی اس عرصے میں کسی نئی سواری جیسے کار، موٹر سائیکل وغیرہ کی خرید وفروخت کریں۔ صحت اچھی رہے گی۔ کسی کو دیا ہوا قرض واپس لینے کے لیے آپ کو اپنے مزاج میں سختی لانا پڑے گی۔

ملازمت پیشہ افراد کو ان کے افسران سے ڈانٹ پڑ سکتی ہے۔ اعلیٰ افسران یا حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہوں گے۔

شریک حیات کا مزاج اکثر خراب رہے گا۔ دوسرے لوگوں کا آپ کے ساتھ رویہ زیادہ مخلصانہ نہ ہوگا، لہٰذا کسی پر جلد اعتبار نہ کریں۔ کچھ لوگ آپ کو بدنام کرنے کی بھی کوشش کریں گے محتاط رہیں۔

**4 جون تا 4 جولائی**

یہ عرصہ مالی مشکلات کو ظاہر کرتا ہے۔ نہ چاہتے ہوئے بھی اخراجات بڑھیں گے۔ کاروباری حوالے سے بھی مشکل وقت ہے۔ آمدن کم ہوگی نیز نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔ اگر کسی سے ادھار لیا ہوا تھا تو وہ لوگ آپ کو کافی پریشان کریں گے۔ شراکتی کاروبار بھی کوئی زیادہ سودمند نہ رہے گا۔ یاروں دوستوں اور محبوب/محبوبہ کے ساتھ لڑائی جھگڑا متوقع ہے۔ انٹرلیول تک کے طالبعلموں کی کارکردگی زیادہ بہتر نہ ہوگی۔

صحت قدرے بہتر رہے گی۔ بے روزگار افراد کو بھی روزگار ملنے کے امکانات ہیں مگر تنخواہ اچھی نہ ہوگی۔

ساس اور والدہ کے ساتھ تعلقات قدرے بہتر رہیں گے۔ اُمیدوں وخواہشات کو پورا کرنے کے لیے محنت کے ساتھ ساتھ پیسہ بھی خوب لگائیں گے مگر پھر بھی حسب منشاء نتائج نہ ملیں گے۔ اس کے علاوہ ایک وقت میں بہت سی چیزوں کے پیچھے بھاگنا اور سوچ میں تبدیلی کا عنصر بھی آپ کی ناکامی کا باعث بنے گا۔

سیر وتفریح کے پروگرام تو بہت سے بنائیں گے مگر جا نہ سکیں گے۔ گھریلو ماحول قدرے خوشگوار رہے گا البتہ بچوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔

**5 جولائی تا 25 جولائی**

یہ عرصہ آپ کی اُمیدوں وخواہشات کی تکمیل کا وقت ہے۔ تعلیمی میدان میں کافی نمایاں رہیں گے۔ دوستوں کے ساتھ وقت گزارنا اور نئے دوست بنانا پسند کریں گے۔ لوگوں کے ساتھ ملنا جلنا اور گھر سے باہر وقت گزارنا اچھا لگے گا۔ رشتے داروں کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات اچھے رہیں گے البتہ ساس کے ساتھ ان بن متوقع ہے۔ وہ لوگ جو اپنے لیے شریک حیات کی تلاش میں ہیں انہیں اس عرصے میں اچھی شریک حیات مل جائے گی۔ محبوب/محبوبہ کے ساتھ بھی تعلقات بہتر ہوں گے اور آپس میں تحائف کا تبادلہ ہوگا۔

کوئی بھی اہم فیصلہ اپنی ذہانت کے بل بوتے پر لینے کی بجائے مشاورت سے کام لیں تو فائدہ ہوگا۔ بیرون ملک جانے کے حوالے سے آسانیاں پیدا ہوں گے۔ اساتذہ کے ساتھ آپ کے تعلقات بہتر ہوں گے اور ان سے بہتر راہنمائی ملا کرے گی۔ مذہب کی طرف رجحان بڑھے گا اور غریبوں کی مدد کرکے دلی تسکین ہوگی۔ قانونی مقدمات میں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ کوئی ناراضگی تھی تو وہ ختم ہوجائے گی۔

| ماہ | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| جنوری | 3-8-9-18-22-30-31 | 5-6-13 |
| فروری | 4-5-14-18-27 | 2-9-10 |
| مارچ | 4-13-18-26-31 | 1-2-9-28 |
| اپریل | 10-14-22-23-27-28 | 5-25 |
| مئی | 7-11-20-24-25 | 2-3-22-29-30 |
| جون | 3-8-16-21 | 18-19-26 |
| جولائی | 1-5-13-14-18-19-28 | 16-23-24 |
| اگست | 1-10-14-15-24-29 | 12-19 |
| ستمبر | 6-11-21-25 | 8-9-16 |
| اکتوبر | 3-8-18-22-23-31 | 5-6-13 |
| نومبر | 4-5-14-19-27 | 2-9-10-29 |
| دسمبر | 2-11-12-16-24-25-29 | 7-27 |

**26 جولائی تا 18 ستمبر**

کاروباری حوالے سے ایک اچھا وقت ہے کاروبار بڑھے گا۔ عزت وشہرت میں اضافہ ہوگا۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے بڑے فائدہ کی توقع ہے۔ آپ کی غیر مستقل مزاجی کی وجہ سے آپ کی بہت سی خواہشات ادھوری رہ جائیں گی یا تبدیل ہو جائیں گی۔ دوستوں اور محبوب کے ساتھ لڑائی جھگڑا ہوسکتا ہے۔ صحت مند اور تندرست نظر آئیں گے پہلے سے بیمار لوگ بھی صحت یاب ہو جائیں گے۔ پالتو جانوروں کو اگر کوئی بیماری تھی تو وہ بھی بہتر ہو جائیں گے۔ وہ لوگ جو ملازمت کی تلاش میں ہیں انہیں اس عرصے میں نوکری ملنے کی توقع ہے ممکن ہے کہ تنخواہ اچھی نہ ہو مگر مستقبل میں یہ نوکری ان کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگی۔

شریک حیات کا مزاج اکثر گرم رہے گا۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ناراضگیاں جنم لیں گے۔ آپ کے اندر خود اعتمادی کی کمی نظر آئے گی۔ دوسروں سے بہت زیادہ توقعات لگانے کی بجائے اپنے اوپر یقین رکھیں۔ وراثتی مسائل تھے تو وہ اب بہتر طریقے سے حل ہونے کی توقع ہے۔

**19 ستمبر تا 5 نومبر**

آپ کا مزاج خوشگوار رہا کرے گا۔ دوسروں کو بہتر مشورہ دیا کریں گے۔ لوگ، آپ سے مستفید ہوں گے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے فائدہ ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ نیز جنس مخالف کی طرف توجہ بڑھے گی۔ غیر نصابی سرگرمیوں میں آپ کی کارکردگی بہتر رہے گی۔

آپ کے اپنے بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں پہلے کی نسبت بہتری آئے گی۔ نیز آپ کا ان سے ملنا جلنا بھی بڑھے گا۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ آپ کی چند ایک خواہشات بھی پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ قانونی نوعیت کے اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، سفر ممکن ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ آپ کے اخراجات میں پہلے کی نسبت اضافہ ہوگا۔

**6 نومبر تا 31 دسمبر**

گھر میں خصوصاً والدہ کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔ گھر میں چھوٹی چھوٹی خوشیاں ملیں گی اور معمولی باتوں پر اپنی خوشی کا کھل کر اظہار کیا کریں گے۔ البتہ شریک حیات کے ساتھ وقتی ناراضگی ہوسکتی ہے، ساس کے ساتھ بھی جھگڑا ہوسکتا ہے۔

مالی حالات قدرے بہتر رہیں گے کسی کو دی ہوئی رقم بھی واپس مل سکتی ہے۔ کاروبار کے حوالے سے کوئی اہم فیصلہ لینے میں سست روی آپ کے نقصان کا سبب بن سکتی ہے۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے فائدہ ہوگا۔

مختلف کھانوں اور دعوتوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ صحت اچھی رہے گی۔ پُر اثر گفتگو کیا کریں گے۔ کوئی نیا گھر خریدنا چاہتے ہیں یا کرایہ پر تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو اس حوالے سے سعد وقت ہے۔ وراثتی معاملات کے حوالے سے کوئی پریشانیاں تھیں تو وہ ختم ہو جائیں گی۔ بچوں کی وجہ سے خواہشوں کا حصول ہوگا۔ کاروبار میں لاپرواہی کی وجہ سے نقصان متوقع ہے۔

**الواح رفع رجعت ونحوست کواکب**

کسی بھی زائچہ میں کسی ایک یا زیادہ کواکب کا حالت رجعت (الٹ چلنا) یا حالت نحوست وکمزور ہونا، صاحب زائچہ کے لیے مسائل لاتے ہیں۔ فرد کی تمام صلاحیتیں بے کار اور کوششیں ناکام ہوتی ہیں۔ آپ کے زائچہ میں بھی اگر کوئی کوکب حالت رجعت ونحوست میں ہے تو اس کے روحانی وعملیاتی حل کیلئے آپ اس کوکب کی لوح رفع نحوست ورجعت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں 0300-8442060

# برج عقرب

| | |
|---|---|
| برج عقرب کا عرصہ حکومت | 24 اکتوبر تا 22 نومبر |
| برج عقرب کے منسوبی کواکب | مریخ، پلوٹو |
| برج عقرب کے منسوبی حروف | ذ، ز، ض، ظ، ن |
| برج عقرب والوں کے لیے خوش قسمت اعداد | 1-2-3-8 |
| برج عقرب والوں کے لیے خوش قسمت پتھر | مرجان، روبی |
| برج عقرب والوں کے لیے خوش قسمت دن | اتوار، پیر، منگل، جمعرات |
| برج عقرب والوں کے لیے خوش قسمت رنگ | لال، سفید، کریم کلر |



**یکم جنوری تا 23 فروری**

یہ وقت آپ کے لیے مالی مسائل اور مالی معاملات میں مشکلات لے کر آئے گا۔ کسی کو دیا ہوا قرض واپس ملنا مشکل ہوگا۔ وراثتی معاملات مزید خراب ہوتے ہوئے معلوم ہوں گے۔ کاروباری حالات مجموعی طور پر زیادہ بہتر نہ ہوں گے۔ البتہ کام چلتا رہے گا مگر فی الوقت کاروبار میں بڑی رقم نہ لگائیں ورنہ نقصان ہوگا۔ شراکتی کاروبار میں مشکلات پیدا ہوں گی۔ انعامی سکیموں سے دور رہیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ دوستوں کے ساتھ اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔ خصوصاً جنس مخالف کے ساتھ۔

صحت اچھی رہے گی۔ ساس کے مزاج میں بھی بہتری آئے گی۔ اُمیدوں وخواہشات کی راہ میں کچھ اپنے ہی لوگ رکاوٹ کا باعث بنیں گے اور آپ کے لیے یہ رکاوٹ دور کرنا آسان نہ ہو گا۔ کسی بھی اہم چیز جیسے زمین، گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرتے وقت کاغذات کو اچھی طرح پڑھیں، غلطی کے امکانات ہیں۔

**24 فروری تا 16 مارچ**

مجموعی طور پر آپ کے لیے ایک بہتر وقت ہے۔ دوسروں کے ساتھ تعلقات بڑھانے پر توجہ دیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو متاثر ہوگا۔ جنس مخالف میں بھی توجہ بڑھے گی۔ ہر قدم انتہائی سوچ سمجھ کر اٹھایا کریں گے۔ بہت سی خواہشات حقیقت میں بدلتی ہوئی نظر آتی ہے۔

صحت کے حوالے سے درپیش پریشانیاں دور نہ ہوں گی۔ کھانے پینے کی طرف توجہ زیادہ دیں گے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ سیر وتفریح کے لیے جائیں گے۔ کاروباری معاملات کے حوالے سے دوسروں پر بہت زیادہ بھروسہ نہ کریں، کیونکہ وہ لوگ آپ کی اُمیدوں پر پورا نہ اُتر سکیں گے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ ملازمت کی تلاش میں ہیں تو خود بھی کوشش کریں اور رشتے داروں کو بھی کہیں، نوکری ملنے کی اُمید ضرور پیدا ہوگی۔ البتہ آپ کی قابلیت کے مطابق نہ ہوگی۔ خفیہ دشمنوں کی سازشوں کا شکار ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔

**17 مارچ تا 16 مئی**

شریک حیات کا مزاج اکثر سخت رہے گا اور آپ کے لیے ذہنی دباؤ اور پریشانی کا سبب بھی بنیں گے۔ والدہ اور ساس کے ساتھ ناچاقی پیدا ہو سکتی ہے۔ گھریلو ماحول ناخوشگوار رہے گا۔ گھر میں اکثر کسی نہ کسی بات پر جھگڑا ہوجایا کرے گا۔

کاروباری حالات اونچ نیچ کا شکار رہیں گے۔ گاہکوں سے آپ کا رویہ اچھا نہ ہوگا، سستی کی وجہ سے بھی کاروبار متاثر ہو گا۔ خصوصاً شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے بھی کافی مسائل سامنے آئیں گے۔ اگر سوچ سمجھ کر اخراجات کیے جائیں تو مالی معاملات میں تنگی کا شکار نہ ہوں گے۔

زمین و جائیداد کی خرید وفروخت کی لیے بہتر وقت نہیں۔ کوئی بھی معاہدہ کرنے سے پہلے خود اطمینان کریں، کسی پر اعتبار کرنا آپ کی سب سے بڑی بیوقوفی ثابت ہوگی۔

**17 مئی تا 3 جون**

یہ وقت آپ کو محتاط رہنے کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ آپ کے ساتھ کام کرنے والے آپ کے خلاف سازشیں رچتے نظر آئیں گے۔ دشمنوں




کامیاب زندگی کے لیے اپنے برج کا منسوبی طلسم حاصل کریں۔ انشاءاللہ آپ ہر شعبہ حیات میں وہ کچھ حاصل کریں گے جس کی آپ کو تمنا ہو گی

میں اضافہ ہوگا۔ لوگ آپ سے حسد بھی کریں گے۔ قریبی رشتے دار بھی آپ سے حسد اور اختلافات لیے ہوئے ہوں گے۔

چھوٹے بہن بھائیوں اور کرایہ داروں کے ساتھ لڑائی جھگڑا ہوسکتا ہے۔ اعلیٰ درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی کارکردگی خراب رہے گی اور انہیں کسی چیز کو سمجھنے اور سیکھنے کے لیے زیادہ وقت درکار ہو گا۔ آپ کی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت اور کسی مسئلے کو تمام پہلوؤں سے دیکھنے کی قوت کم ہوگی۔ لہٰذا کسی بھی اہم مسئلے میں کسی دوسرے ساتھی خصوصاً عمر میں بڑے افراد کا مشورہ زیادہ بہتر ہے۔ جنس مخالف سے مشورہ لینا بھی بہتر رہے گا۔

انٹرلیول تک کے طالبعلموں کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ کھیل کے میدان میں بھی آپ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے، البتہ کھیل اور موج مستی کے دوران آپ کو چوٹ لگنے یا جھگڑا ہونے کے بھی امکانات ہیں۔

قانونی معاملات میں آپ کو ناکامی کا اور سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ کاروباری حالات کچھ خاص نہ ہوں گے۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ نیز ملازمین کی وجہ سے نقصان متوقع ہے۔

شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور آپس میں پیار اور رومانس بڑھے گا۔ جنس مخالف کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔

**4 جون تا 4 جولائی**

یہ عرصہ آپ کی بے سکون کیفیت کو ظاہر کر رہا ہے۔ اکثر کسی نہ کسی ٹینشن اور مشکل میں پھنسے رہیں گے۔ کاروباری پریشانی اور گھریلو لڑائی جھگڑے، شریک حیات سے نااتفاقی، بے سکونی کی اہم وجوہات ہوں گی۔ اُمیدوں و خواہشات کو جلد از جلد حقیقت کا لبادہ دینے کے لیے کافی تگ ودو کریں گے مگر دیگر مسائل کی وجہ سے بہت سی خواہشات ادھوری رہ جائیں گی۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کے ساتھ بھی اکثر کسی نہ کسی بات پر منہ ماری ہوجایا کرے گی۔

انٹرلیول تک کے طالبعلم تعلیم کے شعبے میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی کافی نمایاں رہیں گے۔ وہ طالبعلم جو اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے تھے یا تو ان کے مسائل میں اضافہ ہوگا۔ سیر و تفریح کرنا پسند کریں گے۔ رشتے داروں سے ملنا جلنا بڑھے گا۔ محبوب/محبوبہ سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ گھر سے باہر وقت گزارنا پسند کریں گے۔ پہلی شریک حیات کے ساتھ اکثر لڑائی جھگڑا رہا کرے گا۔ ساس کے ساتھ بھی بدمزگی پیدا ہوسکتی ہے۔

| ماہ | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| جنوری | 20-24 | 8-9-27 |
| فروری | 16-20 | 4-5-23-24 |
| مارچ | 16-20 | 4-23-24-31 |
| اپریل | 12-16 | 19-27-28 |
| مئی | 9-13 | 17-24-25 |
| جون | 5-6-10 | 13-21 |
| جولائی | 3-7-30 | 11-18-19 |
| اگست | 3-27-31 | 6-7-14-15 |
| ستمبر | 23-27 | 3-11-30 |
| اکتوبر | 20-25 | 1-8-28 |
| نومبر | 16-17-21 | 4-5-24 |
| دسمبر | 14-18 | 2-21-29 |

قانونی معاملات میں آپ کا کو شکست کا سامنا ہوسکتا ہے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے چھوٹا انعام نکل سکتا ہے۔

**5 جولائی تا 25 جولائی**

صحت مند و توانا نظر آئیں گے۔ دشمنوں پر حاوی ہوتے اور اپنا ڈر قائم کرتے نظر آتے ہیں۔ ہر کام مضبوط قوت ارادی سے کریں گے۔ دوسروں سے مشاورت کرنے کی بجائے اپنی سمجھ سے فیصلے کیا کریں گے۔ لمبے سفر پر جاتے وقت خود ڈرائیونگ نہ کریں ورنہ حادثے کا خطرہ ہے۔ غیر قانونی اقدامات سے دور رہیں ورنہ پکڑے جائیں گے۔

بیرون ملک جانے کے حوالے سے کی گئی کوششوں میں ناکامی ہوگی

مالی لحاظ سے ایک بہتر وقت ہے کاروبار میں بھی فائدہ ہوگا۔

ملازمت پیشہ افراد کی اپنے افسران کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ البتہ ان کے ساتھ کام کرنے والے بعض لوگ ان کی ٹانگیں کھینچنے کی کوشش کریں گے۔ وہ افراد جن کی ترقی رکی ہوئی تھی یا بہتر نوکری کی تلاش میں تھے تو اس عرصے میں انہیں خوشخبری ملنے کی توقع ہے۔

تجارت سے وابستہ لوگوں کے لیے اچھا وقت نہیں۔ چھوٹے

بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ ان بن متوقع ہے۔

مختلف طرح کے کھانے کھانا اور دعوتوں پر جانا پسند کریں گے۔ اپنی باتوں سے ہر کسی کو متوجہ کرلیا کریں گے۔ گھر اور گھر سے باہر بھی مستی کرنا پسند کریں گے۔ کسی کو دیا ہوا قرض اگر واپس نہیں مل رہا تھا تو اس عرصے میں کوشش کریں انشاءاللہ بڑی رقم واپس مل جائے گی۔

**26 جولائی تا 18 ستمبر**

یہ وقت آپ کے بدلتے ہوئے مزاج اور غیر مستقل مزاجی کو ظاہر کر رہا ہے۔ اس عرصے میں مختلف خواہشات جنم لیں گی جن میں سے کچھ پوری بھی ہوں گی اور بہت سی آپ کی بدلتی سوچ کی وجہ سے خود ہی بدل کر ختم ہو جائیں گی۔ بیرون ملک تعلیم کے حوالے سے جانا چاہتے ہیں تو کامیابی ہوگی۔ البتہ بیرون ملک سفر کے حوالے سے کسی رشتے دار سے اُمید قائم کر رکھی ہے تو اس سے مایوسی ہوگی۔ تعلیمی میدان میں آپ کی کارکردگی قدرے بہتر رہے گی۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے فائدہ ہوگا۔ تجارت سے وابستہ لوگوں کے لیے بھی فائدہ مند وقت ہے۔ بے احتیاطی یا ملازموں پر کام چھوڑنے کی وجہ سے نقصان ہوگا۔

کھیل کے میدان میں بہتر پرفارمنس دکھائیں گے۔ گھر سے باہر وقت گزارنا پسند کریں گے۔ نئے دوست بنانا اور سیر وتفریح پر جانا اچھا لگے گا۔ محبوب / محبوبہ اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ جنس مخالف میں زیادہ دلچسپی لیں گے اور رومانوی طبیعت لیے ہوئے ہوں گے۔ دوسری شادی کے حوالے سے بھی اچھا وقت ہے۔ رشتے داروں کے ساتھ ملنا جلنا بڑھے گا۔ قانونی معاملات میں آپ کو کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ انعامی سکیموں میں فائدہ ہوگا۔ بچوں کے ذریعے خوشیوں کا حصول ہوگا۔ کوئی نئی سواری خریدنا چاہتے ہیں تو اس عرصے میں خرید لیں گے۔

**19 ستمبر تا 5 نومبر**

مالی لحاظ سے ایک خوش قسمت وقت ہے۔ کوئی نیا کاروبار کرنا چاہتے ہیں یا بڑی سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں تو ایک سعد وقت ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو بھی بہتر نوکری ملنے کی توقع ہے۔ زمین و جائیداد کی خرید وفروخت کے حوالے سے بھی بہتر وقت ہے۔ خواہشات کے حصول کے لیے آپ کو عام روٹین سے ہٹ کر سوچنے کی ضرورت ہے۔

آپ کے اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف رہے گا۔ انعامی سکیمیں لاٹری بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے خاص فائدہ نہ ہوگا۔ خاندانی زمینیں ہیں تو اس سے فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ سیر وتفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ آپ کے اپنے داماد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔

**6 نومبر تا 31 دسمبر**

اُمیدوں و خواہشات کو حقیقت میں بدلنے کے لیے مستقل مزاجی سے محنت کرتے دکھائی دیں گے۔ رسک لینا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ بہت زیادہ لوگوں سے مشاورت کرنے سے گریز کریں۔ ملازمین پر ہرگز اعتبار نہ کریں۔

یہ وقت آپ کے بڑھتے ہوئے فضول اخراجات کو ظاہر کر رہا ہے۔ خوبصورت اور دلکش نظر آنے کے لیے اپنے اوپر اخراجات کرنے کے ساتھ ساتھ جنس مخالف پر بھی اخراجات کریں گے۔ قریبی رشتے داروں کے ساتھ ملنا جلنا اور ان کے ساتھ سیر وتفریح پر جانے کا موقع ملے گا۔ شریک حیات کا مزاج بھی کافی خوشگوار رہے گا، البتہ سُسرالی رشتے داروں سے زیادہ ملنا پسند نہ کریں گے نیز ان کے ساتھ چھوٹے موٹے اعتراضات بھی جنم لے سکتے ہیں۔ اس عرصے میں آپ نئے دوست بنانا پسند کریں گے نیز دشمنوں میں بھی اضافہ ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔

لاپرواہی کی وجہ سے طبیعت خراب ہوسکتی ہے۔ بچوں سے لگاؤ بڑھے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی کارکردگی خراب رہے گی، جس کی وجہ کھیل اور غیر نصابی سرگرمیوں میں ضرورت سے زیادہ توجہ دینا ہوگی۔ قانونی معاملات میں کامیابی ملنا مشکل ہے۔ ملازموں کی وجہ سے نقصان متوقع ہے۔




# برج قوس

| | |
|---|---|
| برج قوس کا عرصہ حکومت | 23 نومبر تا 21 دسمبر |
| برج قوس کا منسوبی کوکب | مشتری |
| برج قوس کا حرف | ف |
| برج قوس والوں کے لیے خوش قسمت اعداد | 5-3-1 |
| برج قوس والوں کے لیے خوش قسمت پتھر | پکھراج، پنا، روبی |
| برج قوس والوں کے لیے خوش قسمت دن | بدھ، جمعرات، اتوار |
| برج قوس والوں کے لیے خوش قسمت رنگ | پیلا، ہلکا زرد |



**یکم جنوری تا 23 فروری**

یہ وقت آپ کے لیے ذہنی پریشانی اور مشکلات میں اضافے کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ آپ کے کاموں میں التواء کا عنصر بھی کافی واضح رہے گا۔ آپ کا مزاج اکثر خراب رہے گا۔ دوسرے لوگوں کے ساتھ بھی تلخ کلامی سے بات چیت کریں گے۔ شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات خراب رہیں گے۔

کاروباری حالات اونچ نیچ کا شکار رہیں گے۔ وہ لوگ جو نیا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں، اس عرصے میں نہ کریں تو بہتر ہے۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کے ساتھ بدمزگی پیدا ہو سکتی ہے۔

اپنے سے عمر میں بڑے لوگوں کے ساتھ اُٹھنا بیٹھنا اور گھر سے باہر وقت گزارنا پسند کریں گے۔ دوستوں اور عزیزوں کے ساتھ سیر و تفریح پر جائیں گے۔ ممکن ہے سیر و تفریح کے لیے بیرون شہر سفر کا موقع ملے۔ وہ لوگ جو بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے تھے ان کی راہ میں آسانیاں پیدا ہوں گی۔ کھیل کے میدان میں آپ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ مذہب کی طرف رجحان بڑھے گا۔

تعلیمی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ قانونی معاملات کا کوئی حل نکلتا نظر نہیں آتا۔ اُمیدوں و خواہشات کی تکمیل کے لیے آپ کو کافی تگ و دو کی ضرورت ہے مگر انشاء اللہ آپ کافی خواہشات کو حقیقت کا روپ دے لیں گے۔

**24 فروری تا 16 مارچ**

مالی معاملات میں قدرے بہتری آتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ قرض دی ہوئی رقم بھی واپس ملنے کی توقع ہے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے چھوٹا انعام نکل سکتا ہے۔ اپنی صحت کا خاص خیال رکھا کریں گے۔ کاروباری حوالے سے بہتر وقت ہے۔ فنون لطیفہ اور خط و کتابت کی طرف رجحان رہے گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ قیمتی جواہرات پہننے کا شوق اُجاگر ہو گا۔ مخالفوں اور دشمنوں سے مقابلہ میں برتر پوزیشن میں رہیں گے۔ انٹر لیول تک کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم ہو گی۔

گھر کی تزئین و آرائش پر بھی توجہ دیں گے۔ گھر میں وقت گزارنا پسند کریں گے۔ وراثتی معاملات کشیدگی کا شکار ہیں تو اس میں کوئی بہتری آتی ہوئی نظر نہیں آتی۔

**17 مارچ تا 16 مئی**

یہ وقت آپ کو اپنے دشمنوں اور مخالفین سے محتاط رہنے کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ آپ کے دشمن آپ کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کرتے نظر آئیں گے۔ آپ کے ساتھ کام کرنے والے بھی آپ کے خلاف سازشیں کرتے دکھائی دیتے ہیں۔

رشتے داروں اور چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات اکثر خراب رہیں گے اور لڑائی جھگڑے بڑھیں گے۔ کرایہ داروں کے ساتھ بھی اَن بَن ہو سکتی ہے۔

سیر و تفریح، بچوں اور محبت کے معاملات کے باعث بہت سے اخراجات ہوں گے۔ اس کے علاوہ بھی بہت سے فضول اخراجات ہوں گے۔ انعامی سکیموں میں حصہ نہ لیں۔ موج مستی یا کھیل کے دوران آپ کو چوٹ لگنے کا بھی خدشہ ہے۔ صحت اکثر خراب رہے گی۔




کامیاب زندگی کے لیے اپنے برج کا منسوبی طلسم حاصل کریں۔ انشاءاللہ آپ ہر شعبہ حیات میں وہ کچھ حاصل کریں گے جس کی آپ کو تمنا ہو گی

طالبعلموں کو تعلیمی حوالے سے کافی مشکلات کا سامنا رہے گا۔ خصوصاً اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی کارکردگی کافی خراب رہے گی۔ بیرونِ ملک جانے کے حوالے سے کوئی رکاوٹ سامنے آسکتی ہے۔

اس عرصے میں کوئی بھی قیمتی چیز نہ خریدیں، ورنہ نقصان کا سودا کریں گے یا چیز جلد بے کار ہو جائے گی۔ نوکروں پر ہرگز اعتبار نہ کریں وہ آپ کو دھوکہ دے سکتے ہیں، نیز ان کی وجہ سے نقصان ہو سکتا ہے۔ اُمیدوں و خواہشات کی راہ میں رکاوٹیں آئیں گی۔

**17 مئی تا 3 جون**

یہ وقت آپ کو مالی معاملات محتاط سے چلانے کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ اخراجات سوچ سمجھ کر کریں ورنہ کسی سے اُدھار مانگنے کی نوبت بھی آسکتی ہے۔

وہ لوگ جو بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے تھے ان کی راہ میں رکاوٹیں آئیں گی۔ قانونی معاملات میں آپ کی پوزیشن کمزور رہے گی۔

کاروباری حالات مناسب رہیں گے البتہ کاروبار میں مزید پیسہ نہ لگائیں۔ اور نہ کوئی نیا کاروبار شروع کریں۔ عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔ اعلیٰ افسران اور حکومتی عہدیداروں سے منسلک کام حل ہو جائیں گے۔ مگر ممکن ہے آپ اس کے لیے غلط راہ اختیار کریں۔

انعامی سکیموں میں حصہ نہ لیں، ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی کارکردگی اچھی نہ رہے گی۔ البتہ انٹرلیول تک کے طالبعلموں کے نتائج بہتر آئیں گے۔ کھیل کے میدان میں آپ کی کارکردگی زیادہ اچھی نہ رہے گی اور اگر پیسہ یا کوئی شرط لگا کر کھیلیں گے تو اس میں ہار کا سامنا ہوگا۔

**4 جون تا 4 جولائی**

صحت اکثر خراب رہے گی۔ اکثر کسی نہ کسی پریشانی اور مشکل میں پھنسے رہیں گے۔ چھوٹے چھوٹے معاملات میں بھی کسی قسم کا التواء اور پریشانی آجایا کرے گی۔ رشتے داروں اور چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ بھی اکثر اختلافات اور لڑائی جھگڑے رہیں گے۔ فضول اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ کاروباری حالات بھی قدرے بہتر رہیں گے۔ البتہ اخراجات کا تناسب آمدن سے زیادہ ہوگا۔

کسی نئی سواری جیسے کار، موٹر سائیکل وغیرہ کی خرید و فروخت ہرگز نہ کریں۔ سوتے ہوئے اکثر بے چینی کی وجہ سے جاگ اٹھیں گے۔ فلاحی کاموں میں اکثر بہانے بنا کر بھاگ جایا کریں گے۔ وراثتی معاملات مزید بگڑتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔

ساس کے ساتھ تعلقات قدرے بہتر رہیں گے۔ اعلیٰ اور حکومتی شخصیات سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے مگر اس کے لیے آپ رشوت کا سہارا لیں گے۔ نوکروں اور ملازموں پر ہرگز اعتبار نہ کریں ان کی وجہ سے نقصان ہو سکتا ہے۔

| ماہ | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| جنوری | 8-9-13-22-26 | 11-27 |
| فروری | 4-5-9-10-18-22 | 7-23-24 |
| مارچ | 4-9-18-22-31 | 6-7-23-24 |
| اپریل | 5-14-18-27-28 | 2-3-19-30 |
| مئی | 2-3-11-15-16-24-25-30 | 17-27 |
| جون | 8-12-21-26 | 13-23-24 |
| جولائی | 5-9-18-19-23-24 | 11-21 |
| اگست | 1-5-14-15-19-29 | 6-7-17 |
| ستمبر | 2-11-16-25-29 | 3-13-14-30 |
| اکتوبر | 8-13-22-23-27 | 1-10-11-28 |
| نومبر | 4-5-9-10-19-23 | 7-24 |
| دسمبر | 2-7-16-20-29 | 4-5-21-31 |

**5 جولائی تا 25 جولائی**

سیر و تفریح اور موج مستی کے حوالے سے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ بچوں کی وجہ سے بھی اخراجات بڑھیں گے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے چھوٹا انعام لگ سکتا ہے۔

چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے البتہ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ان بن متوقع ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور آپس میں پیار و محبت اور رومانیت بڑھے گی۔ محبوب / محبوبہ کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ دوستوں کے ساتھ وقت گزارنا اور موج مستی کرنا پسند کریں گے۔ تعلیم کے میدان میں بہتر کارکردگی دکھائیں گے۔ تعلیم کے سلسلے میں بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو آسانیاں پیدا ہونگی۔ بیرون ملک مقیم رشتے داروں کے ذریعے بھی فائدہ ملنے کی توقع ہے۔

باتونی طبیعت کے ہوں گے اور بات چیت کے دوران ایسے وعدے اور دعوے کرلیا کریں گے جن کو بعد میں پورا کرنا آپ کے لیے کافی مشکل ہوگا۔ قانونی معاملات میں آپ کا پلڑا قدرے بھاری رہے گا البتہ وراثتی مسائل مزید پیچیدہ صورتحال اختیار کرتے نظر آرہے ہیں۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے نقصان ہوسکتا ہے۔

**26 جولائی تا 18 ستمبر**

مالی لحاظ سے ایک خوش قسمت وقت ہے۔ پھنسی ہوئی رقم واپس ملنے کی توقع ہے۔ بہت سے مالی مسائل سے چھٹکارا ملے گا۔ کاروبار میں بہتری آئے گی وہ لوگ جو نیا کاروبار کرنا چاہتے ہیں وہ اس عرصے میں شروع کریں تو فائدہ ہوگا۔ شراکتی کاروبار کے حوالے سے بھی اچھا وقت ہے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے بھی فائدہ ہوگا۔ البتہ نوکری پیشہ افراد کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ نیز اپنے ساتھ کام کرنے والوں سے ہوشیار رہیں اور اپنے راز ان کو نہ بتائیں ورنہ وہ آپ کی ٹانگیں کھینچنے کی کوشش کریں گے۔

فضول اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ رشتے داروں اور کرایہ داروں کے ساتھ اکثر اَن بن ہو جایا کرے گی۔ والدین کی خدمت کر کے خوشی محسوس کریں گے ساس کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ صحت کے حوالے سے قدرے پریشان رہیں گے۔ عمرہ کے لیے جانا چاہتے ہیں تو اس کے لیے بہتر اسباب بنتے نظر آئیں گے۔

**19 ستمبر تا 5 نومبر**

آپ کے لیے خوش قسمت وقت ہے بہت سے رکے ہوئے کام حل ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ منگنی اور شادی کے لیے اچھا وقت ہے۔ آپ کے اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہوتی نظر آرہی ہے۔

حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آرہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوجائیں گے۔

نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے بہت سی اُمیدیں و خواہشات حقیقت کا روپ لیتی نظر آئیں گی۔ سیر و تفریح پر جانا پسند کریں گے۔

**6 نومبر تا 31 دسمبر**

مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ کاروباری حوالے سے ایک اچھا وقت ہے۔ البتہ شراکتی کاروبار میں آپ کو مالی معاملات اپنے ہاتھ میں رکھنے چاہیں اور شریک کار پر ہرگز اعتبار نہ کریں۔ بے روزگار افراد کو نوکری مل جائے گی۔ سیر و تفریح کے منصوبے بنتے بنتے رہ جائیں گے۔ کھیل کے دوران چوٹ لگنے کا خدشہ ہے۔ وراثتی معاملات مزید بگڑتے نظر آرہے ہیں۔

چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ معاشرے میں عزت و شہرت بڑھے گی۔ دوسروں پر توقعات لگانے کی بجائے اپنی محنت پر یقین رکھیں تو ضرور کامیاب ہوں گے۔ صحت مند و توانا رہیں گے۔ انٹر لیول تک کے طالبعلموں کی کارکردگی غیر تسلی بخش رہے گی۔


## سہ جہتی طلسم زحل

اس طلسم کے خاص فوائد میں یہ بات شامل ہے کہ وہ نحس کو ابکی سحری، جادو یا دیگر اثرات جو عرصہ دراز سے فرد پر طاری ہوں اِن کا مداوا کیا جاسکتا ہے۔ ایسی نحوستیں جو طویل عرصہ سے فرد کو متاثر کررہی ہیں اور علاج کی کوئی صورت سامنے نہ آتی ہو اس کے علاج کے لیے سہ جہتی طلسم زحل موثر ہے۔ ساڑھ ستی اور نحوست زحل کے خاتمہ کے لیے سہ جہتی طلسم زحل موثر ہے۔ بڑی عمارتیں جیسا کہ پلازے یا ملٹی سٹوری بلڈنگیں یا بڑے بڑے گھر یا بڑے حویلی نما مکان یا شان دار جگہ وغیرہ جو سب کی نظر میں آئے، ان کو ردبلا اور سحری و نحس اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے سہ جہتی طلسم زحل استعمال کیا جاسکتا ہے۔ بڑی عمر کے افراد یا بڑی عمر اور صاحب حیثیت افراد کے لیے بھی مفید ہے۔ وہ افراد جو کسی مزمن مرض کا شکار ہوں ان کے لیے بھی سہ جہتی طلسم زحل موثر و مفید ثابت ہوگا۔ یہ طلسم خاص طور پر ان لوگوں کے لیے بھی بہت موثر اور ہر لحاظ سے سود مند ہے جو علوم مخفی کے حصول میں سرگرداں ہیں۔ عملیات، نجوم، سحر، پامسٹری، جفر، رمل، حاضرات اور ایسے تمام علوم سے متعلق لوگوں کو سہ جہتی طلسم زحل ان کی روحانی اور مخفی قوتوں کو ترقی دینے اور اِن کی قوت و علم میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ اور وہ لوگ جو اپنی ذات یا ادارہ کو دوسرے لوگوں کی نظر میں موثر و معتبر بنانے کے خواہش مند ہیں اِن کو بھی اس قدیم اور خفیہ طلسم کی قوتوں سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

# برج جدی

| | |
|---|---|
| برج جدی کا عرصہ حکومت | 22 دسمبر تا 19 جنوری |
| برج جدی کا منسوبی کوکب | زحل |
| برج جدی کے منسوبی حروف | خ، ج، گ |
| برج جدی والوں کے لیے خوش قسمت اعداد | 8-6-5 |
| برج جدی والوں کے لیے خوش قسمت پتھر | نیلم، ہیرا |
| برج جدی والوں کے لیے خوش قسمت دن | بدھ، جمعہ، ہفتہ |
| برج جدی والوں کے لیے خوش قسمت رنگ | نیلا، سفید، سبز |



**یکم جنوری تا 23 فروری**

یہ وقت آپ کے اخراجات میں بے جا اضافہ کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ ورنہ لمبے عرصے کے لیے بیمار پڑ سکتے ہیں۔ اس عرصے میں لوگوں پر جلد اعتبار نہ کریں ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔ اپنے ساتھ کام کرنے والوں سے بھی محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ کاروباری حالات بہتر رہیں گے۔ البتہ فی الحال کاروبار میں بڑی رقم نہ لگائیں اور نہ ہی کوئی نیا کاروبار شروع کریں ورنہ نقصان اُٹھائیں گے۔ عزت وشہرت میں اضافہ ہوگا، ملازمت پیشہ افراد کو مختلف مسائل کا سامنا رہے گا۔ ان کے اپنے افسران سے وابستہ کام آسانی سے حل نہ ہوں گے۔

چھوٹے بہن بھائیوں، قریبی رشتے داروں اور کرایہ داروں کے ساتھ اَن بَن متوقع ہے۔ قانونی معاملات کا کوئی حتمی فیصلہ نکلتا نظر نہیں آتا اگر نکلا تو بھی آپ کے حق میں نہ ہوگا۔

اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی کارکردگی اچھی نہ رہے گی۔ بیرون ملک مقیم رشتے داروں سے وابستہ خواہشات پوری نہ ہوں گی۔

اس عرصے میں قیمتی اشیاء کی خرید وفروخت ہرگز نہ کریں، ورنہ نقصان اُٹھائیں گے۔

**24 فروری تا 16 مارچ**

یہ وقت آپ کے بہت سے معاملات میں آسانیاں لے کر آئے گا۔ آپ کے معاملات میں آپ کے دوست واحباب بھی مددگار ثابت ہوں گے۔ چند خواہشات بھی پوری ہوتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ دوسری شادی کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ اپنی ذات پر خاصی توجہ دیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ لوگوں سے خوش دلی سے ملیں گے۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ کی اُمید ہے۔ معاملات عشق ومحبت میں زیادہ وقت ضائع کریں گے۔

**17 مارچ تا 16 مئی**

اس عرصے میں آپ کی بہت سی اُمیدیں وخواہشات ٹوٹتی ہوئی نظر آئیں گی۔ اپنی عزت کا خود خیال رکھیں لوگ آپ کو بدنام کرنے کی کوشش کریں گے۔

مالی حالات اکثر خراب رہیں گے۔ البتہ کاروبار سے وابستہ لوگوں کے لیے قدرے بہتر وقت ہے۔ عزت وشہرت میں اضافہ ہوگا، صحت اچھی رہے گی۔ انعامی سکیموں میں حصہ نہ لیں، ورنہ نقصان کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ دوستوں کے ساتھ زیادہ توقعات نہ لگائیں وہ آپ کی توقعات پر پورا نہ اُتر سکیں گے، جس کے باعث اختلافات بھی جنم لے سکتے ہیں۔

گھر میں اکثر کسی نہ کسی بات پر لڑائی جھگڑا ہوجایا کرے گا، والدہ سے بھی ڈانٹ پڑ سکتی ہے۔ زمین و جائیداد کی خرید وفروخت کے حوالے سے بہتر وقت نہیں۔ وراثتی معاملات لڑائی جھگڑے کی شکل اختیار کرتے جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو غیر مہذبانہ ہوگا۔ کسی بھی دستاویزات پر دستخط کرتے وقت جلد بازی نہ




کامیاب زندگی کے لیے اپنے برج کا منسوبی طلسم حاصل کریں۔ انشاءاللہ آپ ہرشعبہ حیات میں وہ کچھ حاصل کریں گے جس کی آپ کو تمنا ہو گی

کریں، ورنہ نقصان اٹھائیں گے اور نہ ہی کسی سے کوئی کام کرنے کا وعدہ کریں، کیونکہ بعد میں آپ وہ کام نہ کرسکیں گے۔

بے روزگار افراد کو نوکری ملنے کی توقع ہے، مگر تنخواہ ان کی قابلیت سے کم ہوگی۔ وہ لوگ جو قرضہ لینا چاہتے ہیں انہیں قرضہ ملنا مشکل ہوگا۔ بیرون ملک جانے کے حوالے سے آسانیاں پیدا ہوں گی۔ انٹرلیول تک کے طالبعلموں کی کارکردگی خراب رہے گی۔ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی کوئی نمایاں پوزیشن حاصل نہ کرسکیں گے۔ عمر میں بڑے اور بہت سے نصیحت کرنے والے لوگ ملیں گے مگر ان کے مشوروں پر عمل کرنے کی بجائے خود فیصلہ کرنے کی کوشش کریں۔

**17 مئی تا 3 جون**

یہ وقت آپ کی مشکلات اور پریشانیوں میں اضافہ کرے گا۔ آپ کے معاملات میں کوئی نہ کوئی رکاوٹ آجایا کرے گی۔ ذاتی کاروبار ہے تو اس حوالے سے بھی پریشانی کا سامنا ہوگا۔ شراکتی کاروبار میں فیصلے سوچ سمجھ کرلیں ورنہ بڑا نقصان متوقع ہے۔

کسی کو قرض نہ دیں ورنہ واپس ملنا مشکل ہوگا۔ اس کے علاوہ اگر کسی کو قرض دیا ہوا تھا تو واپس ملنے میں دشواری آئے گی۔

گھریلو ماحول ناخوشگوار رہے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات کشیدہ رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ بھی اَن بَن رہے گی۔

اُمیدوں وخواہشات کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے آپ کو سخت محنت کرنا پڑے گی۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ کوئی وراثتی معاملات چل رہے تھے تو وہ حل ہوتے دکھائی نہیں دیتے۔ دوستوں اور عزیزوں کے ساتھ سیر وتفریح پر جانا پسند کریں گے۔ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں آپ کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ اس عرصے میں آپ کو چوٹ لگنے کا بھی خطرہ ہے۔ آپ کی کوئی قیمتی یا ہر دلعزیز چیز گم ہونے کا بھی خدشہ ہے۔

زمین وجائیداد کی خرید وفروخت کے لیے اچھا وقت نہیں ہے۔ نیز ڈرائیونگ کے دوران آپ کی کار/موٹر سائیکل وغیرہ اچانک خراب ہوسکتی ہے جس سے آپ کو پریشانی کا سامنا ہوگا۔

بیرون ملک مقیم رشتے داروں کے ذریعے فائدہ ہوگا۔ قانونی معاملات میں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا۔ مگر کوئی فیصلہ نہ نکلے گا۔ اعلیٰ افسران یا حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہوں گے۔ فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔

**4 جون تا 4 جولائی**

| ماہ | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| جنوری | 14-15-24 | 5-6-13-26 |
| فروری | 11-20 | 2-9-10-22 |
| مارچ | 11-20 | 1-2-9-22-28 |
| اپریل | 6-7-16 | 5-18-25 |
| مئی | 4-13-31 | 2-3-15-16-22-29-30 |
| جون | 10-28-29 | 12-18-19-26 |
| جولائی | 7-25 | 9-16-23-24 |
| اگست | 3-21-31 | 5-12-19 |
| ستمبر | 17-18-27 | 2-8-9-16-29 |
| اکتوبر | 14-15-25 | 5-6-13-27 |
| نومبر | 11-21 | 2-9-10-23-29 |
| دسمبر | 8-18 | 7-20-27 |

اس عرصے میں آپ کی بہت سی اُمیدیں وخواہشات ٹوٹی ہوئی نظر آئیں گی۔ دوستوں کے ساتھ بھی لڑائی جھگڑا متوقع ہے۔

وہ لوگ جو پسند کی شادی کرنا چاہتے ہیں یا کسی کو پسند کرتے ہیں اور محبت کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو اس حوالے سے یہ وقت موزوں نہیں۔

فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔ بیرون ملک مقیم رشتے داروں کے ذریعے فائدہ ملنے کی توقع ہے۔ وہ لوگ جو بیرون ملک جانا چاہتے ہیں ان کے لیے بھی اچھا وقت ہے۔ اساتذہ کی زیادہ عزت کیا کریں گے۔

مالی حالات قدرے مناسب ہوں گے مگر آپ کے اخراجات اور خواہشات بہت بڑے ہوں گے۔ جن کے سامنے آپ کی آمدن کافی کم لگے گی۔ اخراجات پر کنٹرول رکھیں، ورنہ جمع پونجی بھی خرچ کردیں گے۔ سیر وتفریح اور موج مستی کے دوران آپ کو چوٹ لگنے یا کوئی حادثہ پیش آنے کا خطرہ ہے۔

انٹرلیول تک کے طالبعلموں کی کارکردگی قدرے غیر تسلی بخش رہے

گی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلم قدرے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ شریک حیات کے ساتھ لڑائی جھگڑا بڑھے گا۔

**5 جولائی تا 25 جولائی**

مالی حالات میں قدرے بہتری آئے گی خصوصاً شراکتی کاروبار سے منسلک لوگوں کو شریک کار کی وجہ سے فائدہ ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کی اپنے افسران کے ساتھ کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے۔ کسی کو قرض دی ہوئی رقم واپس ملنے کا امکان ہے۔ اپنی عزت و شہرت کا خود خیال رکھیں۔ لوگ آپ کو بدنام کرنے کی کوشش کریں گے۔

وراثتی معاملات بہتر طریقے سے حل ہو جائیں گے۔ گھریلو ماحول میں قدرے بہتری آئے گی۔ البتہ شریک حیات اکثر جلد غصہ میں آجایا کرے گی۔

گھر کی تزئین و آرائش میں خاص دلچسپی لیں گے اور اخراجات بھی کریں گے۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت کے حوالے سے بھی اچھا وقت ہے فائدہ ہوگا۔ اعلیٰ اور حکومتی افسران سے وابستہ کام حل ہوتے دکھائی نہیں دیتے۔ جلد کسی پر اعتبار نہ کریں خصوصاً جنس مخالف پر ورنہ دھوکا کھائیں گے۔

بہت سی اُمیدیں و خواہشات حقیقت میں بدلتی ہوئی نظر آئیں گی۔ نئے دوست اور اچھا مشورہ دینے والے لوگ ملیں گے۔ بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

**26 جولائی تا 18 ستمبر**

مجموعی طور پر ایک خوش قسمت وقت ہے، اکثر پھنسے ہوئے کام حل ہو جائیں گے۔ البتہ آپ کی بدلتی ہوئی سوچ کے پیش نظر آپ کی خواہشات میں بہت سے بدلاؤ آئیں گے جس کی وجہ سے اکثر خواہشات ادھوری ہی چھوڑ دیں گے۔ بہت سی خواہشات حقیت میں بھی بدل جائیں گی۔ ازدواجی معاملات میں بہتری آئے گی نیز وہ لوگ جو اپنے لیے شریک حیات کی تلاش میں ہیں انہیں اس عرصے میں بہتر جیون ساتھی ملنے کی توقع ہے۔

مزاج میں رومانیت اور تبدیلی کا عنصر واضح رہے گا۔ دوستوں اور محبوب کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔ سیر و تفریح اور چاہنے والے لوگوں پر کھلے دل سے خرچ کریں گے۔ فضول اخراجات کی وجہ سے وقتی طور پر مالی تنگی کا شکار یا ادھار لینے کی نوبت آسکتی ہے۔ انعامی سکیموں کے ذریعے چھوٹا انعام نکل سکتا ہے۔ بیرون ملک جانے کے حوالے سے آسانیاں پیدا ہونگی۔ قانونی مقدمات وغیرہ میں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا۔ البتہ وراثتی مسائل کا کوئی جلد حل نکلتا نظر نہیں آتا۔ رشتے داروں کے ساتھ تعلقات بہتر ہوں گے۔ کوئی نئی سواری خریدنا چاہتے ہیں تو اس عرصے میں خرید لیں گے۔ تعلیم اور کھیل کے میدان میں آپ عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔ مذہب کی طرف رجحان بڑھے گا۔

**19 ستمبر تا 5 نومبر**

آپ کے اخراجات میں کمی آئے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو سفر ممکن ہے۔ یہ سفر شراکتی کاروبار کے سلسلے میں بھی ہو سکتا ہے۔ کسی حادثے وغیرہ کا شکار ہوئے تھے تو آپ کی صحت میں بہتری آئے گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور ان سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام کی وجہ سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آرہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ کسی مقدمے وغیرہ کا شکار ہیں تو اس معاملے میں لوگوں سے رابطہ ضرور رکھیں ان سے مدد ملے گی اور آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

**6 نومبر تا 31 دسمبر**

